آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ Daily SHAL Quetta شال کوئٹہ

www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز پیر 15 جون 2020ء بمطابق 21 شوال 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ 165

(سلوگن) مشکل فیصلے مضبوط و مخلص قیادت ہی کرسکتی ہے، کرونا وائرس کے حوالے سے عوامی سطح پر شعور کا مظاہرہ ہی بہترین حل ہے جس کے لئے اعتماد و اعتبار کی فضا اولین شرط ہے۔

وزیراعلیٰ بلوچستان اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات کا دوسرا دور آج ہوگا

مذاکرات آج 5 بجے شروع ہوگا واضح رہے کہ جمعہ کو وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال اور اپوزیشن کی تین رکنی کمیٹی کے درمیان دو گھنٹے سے زائد مذاکرات جاری رہے

اپوزیشن کی جانب سے مذاکرات کی ناکامی کی صورت میں متحدہ اپوزیشن میں شامل جماعتوں کی مشاورت سے آئندہ کا لائحہ عمل طے کیا جائے گا

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان اور اپوزیشن کے درمیان مذاکرات کا دوسرا دور آج ہوگا ذرائع کے مطابق وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال اور بلوچستان اپوزیشن کے تین رکنی کمیٹی جس کی سربراہی قائد حزب اختلاف ملک سکندر ایڈووکیٹ جبکہ ممبران نصر اللہ زیرے اور ملک نصیر احمد شاہوانی ہونگے کے درمیان مذاکرات کا دوسرا دور آج ہوگا مذاکرات آج 5 بجے شروع ہوگا واضح رہے کہ جمعہ کو وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال اور اپوزیشن کی تین رکنی کمیٹی کے درمیان دو گھنٹے سے زائد مذاکرات جاری رہے لیکن ڈیڈ لاک برقرار رہی ذرائع کا کہنا ہے کہ آج ہونے والے مذاکرات میں

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	4:24
ظہر	2:00
عصر	5:45
مغرب	7:12
عشاء	08:45

اہل تشیع	
فجر صبح	04:15
ظہر	01:00
مغرب	07:27

لاہور وزیراعظم عمران خان کورونا وائرس کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

جولائی کے آخر تک کورونا مریضوں کی تعداد 10 تک پہنچ سکتی ہے، اسد عمر

ایس او پی کی خلاف ورزی کاروبار بھی چھن سکتا ہے، عوام سے بار بار اپیل ہے کہ ایس او پیز پر سختی سے عملدرآمد کریں۔ 4 سے 6 ہفتوں تک کورونا ٹیسٹ کی صلاحیت ڈیڑھ لاکھ تک لے جائیں گے

ملک بھر کورونا کے ڈیڑھ لاکھ کیسز سامنے آئے ہیں جون کے آخر تک یہی تعداد 3 لاکھ تک پہنچنے کا خدشہ ہے اور اگر عوام نے احتیاطی تدابیر اور ایس او پیز پر عملدرآمد نہ کیا تو کورونا مریضوں کی تعداد دگنی ہو کر جولائی کے آخر تک 10 سے 12 لاکھ تک پہنچ سکتی ہے

پاکستان نے بہتر فیصلے کیئے بھارت میں بہت برے حالات ہیں' اسد ماسک، سینیٹائز کا استعمال عام ہونا چاہیے، ماسک پہننے سے وائرس پر 50 فیصد قابو پایا جاسکتا ہے، وزیر منصوبہ بندی

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر منصوبہ بندی اسد عمر نے کہا ہے کہ اس وقت ملک بھر میں کورونا کے ڈیڑھ لاکھ مریض موجود ہیں جون کے آخر تک کورونا مریضوں کی تعداد 3 لاکھ تک پہنچنے کا خدشہ ہے۔ صورتحال بدستور یہی رہی تو جولائی کے آخر تک کورونا مریضوں کی تعداد 10 سے 12 لاکھ تک پہنچ سکتی ہے۔ ماسک، سینیٹائز کا استعمال عام ہونا چاہیے ماسک پہننے سے وائرس سے 50 فیصد قابو پایا جاسکتا ہے۔ ایس او پی کی خلاف ورزی کاروبار بھی چھن سکتا ہے، عوام سے بار بار اپیل ہے کہ ایس او پیز پر سختی سے عملدرآمد کریں۔ 4 سے 6 ہفتوں تک کورونا ٹیسٹ کی صلاحیت ڈیڑھ لاکھ تک لے جائیں گے۔ پاکستان نے بہتر فیصلے کیئے بھارت میں بہت برے حالات ہیں۔ اتوار کو اسلام آباد میں نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر (این سی او سی)

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

کشمیری بھارت سے آزادی حاصل کرکے رہیں گے، صدر علوی؟

کشمیریوں کی اپنے حق خودارادیت کے حصول کے لئے قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، بیان

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) صدر مملکت عارف علوی نے ایک بار پھر واضح کیا ہے کہ کشمیری بھارت سے آزادی حاصل کرکے رہیں گے، کشمیریوں کی اپنے حق خودارادیت کے حصول کے لئے قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ ترکی کی جانب سے کشمیریوں سے اظہار یک

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

کشمیری بھارت سے آزادی حاصل کرکے رہیں گے، صدر عارف علوی

کشمیریوں کی اپنے حق خودارادیت کے حصول کے لئے قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، بیان

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت عارف علوی نے ایک بار پھر واضح کیا ہے کہ کشمیری بھارت سے آزادی حاصل کرکے رہیں گے، کشمیریوں کی اپنے حق خودارادیت کے حصول کے لئے قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ ترکی کی جانب سے کشمیریوں سے اظہار یک

بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

سرکاری ملازمین کیلئے بجٹ میں خصوصی پیکیج دینے کا معاملہ سینیٹ میں اٹھاؤنگا، سینیٹر رحمن ملک

سرکاری ملازمین کے لئے کوئی ریلیف اس بجٹ میں فراہم نہیں کیا گیا ہے، حکومت سرکاری ملازمین کے لئے ریلیف دینے کا اعلان کرے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینیٹر رحمن ملک نے کہا ہے کہ سرکاری ملازمین کیلئے بجٹ میں خصوصی پیکج دینے کا معاملہ سینیٹ میں اٹھاؤنگا۔ ایک بیان میں سینیٹر رحمان ملک نے کہا کہ سرکاری ملازمین حق بجانب ہیں اور موجودہ بجٹ سے پریشان ہیں، سرکاری

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

جوڈیشل مجسٹریٹ مچھ کی نگرانی میں منشیات کی بھاری کھیپ نذر آتش کردی

مچھ (آن لائن) مچھ پولیس نے جوڈیشل مجسٹریٹ مچھ کی نگرانی میں منشیات کی بھاری کھیپ نذر آتش کردی

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

گوادر کے علاقے میں ٹریفک حادثہ پاک فوج کے لیفٹیننٹ کرنل جاں بحق دو افسر اور ڈرائیور

کوئٹہ (این این آئی) گوادر کے علاقے میں ٹریفک حادثہ پاک فوج کے لیفٹیننٹ کرنل جاں بحق دو

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

گنداواہ میں 12 افراد کورونا وائرس کا شکار ہوگئے

بھل کھیسی (این این آئی) گنداواہ میں 12 افراد کورونا وائرس کا شکار ہوگئے، کورونا وائرس میں مبتلا

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

نصیر آباد ڈویژن بالخصوص ڈیرہ اللہ یار میں بدامنی کے بڑھتے ہوئے واقعات قابل مذمت ہیں، رحیم آغا

کوئٹہ (این این آئی) انجمن تاجران بلوچستان کے صدر رحیم آغا جنرل سیکرٹری اللہ داد ترین حامی عاشق

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

پاکستان پیرامیڈیکل اسٹاف ایسوسی ایشن بلوچستان کا احتجاجی کیمپ اتوار کو پانچویں روز بھی سول ہسپتال کوئٹہ میں جاری رہا

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیرامیڈیکل اسٹاف ایسوسی ایشن بلوچستان کا احتجاجی کیمپ اتوار کو پانچویں روز بھی سول ہسپتال کوئٹہ میں جاری رہا۔ پی این پی کے مرکزی رہنما غلام نبی مری، کلرک ایسوسی ایشن پی ایم سی یونٹ کے صدر حضرت علی، عبدالغفور زہری، پاکستان کلرک ایسوسی ایشن اینڈ ٹیکنیکل اسٹاف کے

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

اسپیکر بلوچستان اسمبلی میر عبدالقدوس بزنجو سے ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی سردار بابر موسیٰ خیل ملاقات کررہے ہیں

ملک بھر سے اہم خبریں

کیسے نیازی گھوڑے کا پول پوری دنیا کے سامنے کھل چکا ہے اور اس کی حقیقت پاکستانیوں پر عیاں ہوچکی ہے، مریم اورنگزیب

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کی ترجمان مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ کیسے نیازی گھوڑے کا پول

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

اسد قیصر نے کوویڈ 19 کی وباء کے سبب کویت میں پھنسے ہوئے پاکستانی تارکین وطن کی آسان وطن واپسی کا معاملہ حفظ ماسبق اقدام قرار دیا

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے کوویڈ 19 کی وباء کے سبب کویت میں پھنسے

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

بجٹ میں نئے ٹیکس نہ لگا کر عوام کو ریلیف فراہم کیا گیا ہے، زلفی بخاری

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے سمندر پار پاکستانیز سید ذوالفقار بخاری

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

اس وقت آپ اور آپ کا مخصوص گروپ غیر مخلوط ہے، آپ کو سب غیر مخلوط نظر آرہے ہیں، شہباز گل کا حسن اقبال کو جواب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے سیاسی امور ڈاکٹر شہباز گل نے احسن

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ نہ کرنا مشکل فیصلہ ہے، شیخ حفیظ

اگر شدت میں اضافہ ہوتا ہے تو حکومت اہم اہداف کا دوبارہ جائزہ لے گی، صدر اور وزیراعظم ہاؤس کے اخراجات میں بھی کمی لائی گئی، پاکستان کی معیشت کو 3000 ارب روپے کا نقصان ہوا ہے

نئے مالی سال کے وفاقی بجٹ اور حکومت کی کارکردگی کا جائزہ لیتے ہوئے ہمیں بعض حقائق کو سامنے رکھنا چاہیے، کورونا وائرس کی وبا کی صورتحال غیر یقینی ہے، مشیر خزانہ کی گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے خزانہ عبدالحفیظ شیخ نے کہا ہے کہ سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ نہ کرنا ایک مشکل فیصلہ ہے، نئے مالی سال کے وفاقی بجٹ اور حکومت کی کارکردگی کا جائزہ لیتے ہوئے ہمیں بعض حقائق کو سامنے رکھنا چاہیے، کورونا وائرس کی وبا کی صورتحال غیر یقینی ہے، اگر شدت میں اضافہ ہوتا ہے تو حکومت اہم اہداف کا دوبارہ جائزہ لے گی، صدر اور وزیراعظم ہاؤس کے اخراجات میں بھی کمی لائی گئی، پاکستان کی معیشت کو 3000 ارب روپے کا نقصان ہوا ہے، ایف بی آر کو ٹیکس محصولات میں کمی کا سامنا کرنا پڑا، لاک ڈاؤن سے معاشرے کا کمزور طبقہ

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

صدر مملکت کی بجٹ اجلاس کیلئے بہترین پارلیمانی معاملات پر بابر اعوان کو مبارکباد

اوورسیز پاکستانی قیمتی اثاثہ ہیں، فیصلہ سازی میں شامل کیا جانا چاہیے، بابر اعوان سے ٹیلیفونک گفتگو

حفظ ماسبق وزارت اور اداروں سے مشاورت مکمل کرلی ہے، بہت جلد قانون سازی کے لئے پارلیمنٹ میں تجاویز پیش کریں گے، بابر اعوان

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے مشیر پارلیمانی امور ڈاکٹر بابر اعوان کو ٹیلی فون کیا اور بجٹ اجلاس کے لئے پارلیمانی معاملات بہترین انداز میں چلانے پر مبارکباد دی۔ صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی اور مشیر پارلیمانی امور ڈاکٹر بابر اعوان کی ٹیلیفونک گفتگو میں اوورسیز پاکستانیوں کے ووٹنگ رائٹ کیلئے قانون سازی پر بھی بات کی گئی۔ گفتگو میں دنیا بھر کی طرح پاکستان میں بھی شفاف ووٹنگ سسٹم پر زور دیا گیا۔ صدر مملکت نے کہا کہ اوورسیز پاکستانی قیمتی

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

اسلام آباد مشیر خزانہ ڈاکٹر عبدالحفیظ شیخ، حماد اظہر و دیگر پوسٹ بجٹ پریس کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

الحمدللہ رات کی نسبت بہتر محسوس کررہا ہوں، شیخ رشید احمد

عوام کورونا کی بیماری کو سنجیدہ لیں اور گھروں میں رہیں، ہسپتال سے پیغام

راولپنڈی (این این آئی) وزیر ریلوے شیخ رشید احمد نے ملٹری ہسپتال راولپنڈی سے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ الحمدللہ رات کی نسبت بہتر محسوس کررہا ہوں، عوام کورونا کی بیماری کو سنجیدہ لیں اور گھروں میں رہیں۔ ہفتہ کو شیخ رشید احمد نے کہا کہ میرا COVID-19 کا علاج

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

ملک میں بے روزگاری کے خاتمے اور لوگوں کو اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے کے لئے وزیراعظم کا نہایت ہی احسن اقدام ہے، محمد خان طور اتمان خیل

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعظم کی جانب سے شروع کیے گئے خوشحال پاکستان منصوبہ برائے مرغبانی کے سلسلے میں گزشتہ روز غریب اور نادار افراد میں مرغیاں تقسیم کی گئی جس کے مہمان خصوصی صوبائی وزیر صنعت وحرفت محمد خان طور اتمانخیل تھے اس موقع پر ڈی سی لورالائی فیاض علی، پروجیکٹ ڈائریکٹر ڈاکٹر کامران

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

عبادتگاہوں کو نشانہ بنانے کا کوئی بھی جواز نہیں ہوسکتا

ترجمان دفتر خارجہ

ہم افغانستان کے عوام کے ساتھ مکمل یک جہتی کے اپنے عزم کا اعادہ کرتے ہیں

پاکستان کی کابل کی مساجد میں دہشت گرد حملوں کی مذمت، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے کابل میں واقع وزیر اکبر خان اور شیر شاہ سوری مساجد پر حالیہ دہشت گرد حملوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہم افغانستان کے عوام کے ساتھ مکمل یک جہتی کے اپنے عزم کا اعادہ کرتے ہیں۔ اتوار کو ترجمان عائشہ خارقی نے کہا کہ دہشت گردی کے ان بہیمانہ واقعات میں نامور مذہبی شخصیات ڈاکٹر ایاز نیازی اور مولوی عزیز اللہ مطلع سمیت دیگر بے گناہ افراد شہید ہوئے۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنے جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل دے۔ آمین۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں متاثرہ خاندانوں سے ہمدردی ہے اور ہم زخمیوں کی جلد صحت یابی کی دعا کرتے ہیں۔ ہم افغانستان کے عوام کے ساتھ مکمل یک جہتی کے اپنے عزم کا اعادہ کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عبادت گاہوں کو نشانہ بنانے کے ایسے غیر انسانی اقدامات کا کوئی بھی جواز نہیں ہوسکتا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ہر قسم کی دہشت گردی کی مذمت کرتا ہے۔

وزیراعلیٰ بلوچستان کا لیجنگ اسپتال خضدار میں کورونا وائرس پی سی آر ٹیسٹنگ لیبارٹری کے قیام پر اطمینان و مسرت کا اظہار

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے لیجنگ اسپتال خضدار میں کورونا وائرس پی سی آر ٹیسٹنگ لیبارٹری کے قیام پر اطمینان و مسرت کا اظہار کیا ہے اپنے ٹویٹر بیان میں وزیراعلیٰ نے کہا ہے کہ خضدار میں لیبارٹری کا قیام اور ٹیسٹنگ کی سہولت کا آغاز ایک اہم پیش رفت ہے جس سے صوبے میں

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

اپنے فرائض کی ادائیگی کے دوران کئی ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف اپنی جانیں قربان کرچکے ہیں، پی ایم اے بلوچستان

اسکے باوجود بعض سیاسی جماعتیں اپنی ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کے خلاف بے بنیاد الزام تراشیاں کررہے ہیں جو قابل افسوس ہیں

ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کورونا وائرس کے خلاف فرنٹ لائن پر اپنی خدمات سرانجام دے رہے ہیں، ترجمان

کوئٹہ (این این آئی) پی ایم اے بلوچستان کے ترجمان نے کہا ہے کہ ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کورونا وائرس کے خلاف فرنٹ لائن پر اپنی خدمات سرانجام دے رہے ہیں اپنے فرائض کی ادائیگی کے دوران کئی ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف اپنی جانیں قربان کرچکے ہیں اسکے باوجود بعض سیاسی جماعتیں اپنی ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کے خلاف بے بنیاد الزام تراشیاں کررہے ہیں جو قابل افسوس ہیں۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں پی ایم اے بلوچستان کے

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

ملک بھر میں کورونا سے مزید 81 افراد چل بسے تعداد 2632 ہوگئی

ملک بھر میں گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران کورونا سے متاثرہ مزید 81 افراد چل بسے، تعداد 2632 ہوگئی، کورونا کے 51 ہزار 735 مریض مکمل صحتیاب

ایک ہی دن میں کورونا کے سب سے زیادہ 6825 نئے کیسز سامنے آگئے، مجموعی تعداد ایک لاکھ انتالیس ہزار سے تجاوز کرگئی

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران کورونا سے متاثرہ مزید 81 افراد چل بسے جس کے بعد جاں بحق افراد کی تعداد 2632 ہوگئی جبکہ ایک ہی دن میں کورونا کے سب سے زیادہ 6825 نئے کیسز سامنے آگئے جسے بعد مجموعی تعداد ایک لاکھ انتالیس ہزار سے تجاوز کرگئی، کورونا کے 51 ہزار 735 مریض مکمل صحتیاب ہوگئے۔ ہفتہ کو نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر کے کورونا وائرس سے متعلق تازہ اعداد و شمار جاری کردیئے جس کے مطابق کورونا کے متاثرہ مزید 81 مریض چل بسے جس کے بعد ملک بھر میں کورونا سے اموات کی تعداد 2632 ہوگئی۔ این سی او سی کے اعلامیہ کے مطابق ایک ہی دن میں کورونا کے سب سے زیادہ 6825 نئے کیسز رپورٹ ہوئے اور اس طرح ملک بھر میں کورونا کیسز کی تعداد ایک لاکھ انتالیس ہزار

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

روزنامہ جنگ کوئٹہ کے سب ایڈیٹر ملک عرفان کے والد انتقال کرگئے

کوئٹہ (این این آئی) روزنامہ جنگ کوئٹہ کے سب ایڈیٹر اور سینئر صحافی ملک عرفان کے والد ملک سجاد حسین اتوار کو قضائے الٰہی سے انتقال کرگئے۔ مرحوم کا جنازہ پیر 15 جون کو دوپہر دو بجے الٰہی رہائش گاہ بلوچ کالونی اسٹیورٹ روڈ کوئٹہ سے اٹھایا جائیگا اور کاسی قبرستان میں سپرد خاک کیا جائے گا۔

نیب کا منی لانڈرنگ کیس میں شہباز شریف کے صاحبزادے سلمان شہباز کو برطانیہ سے واپس لانے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) نیب نے منی لانڈرنگ کیس میں شہباز شریف کے صاحبزادے سلمان شہباز کو برطانیہ سے واپس لانے کا فیصلہ کرلیا، سلمان شہباز کو انٹرپول کے ذریعے گرفتار کروا کر وطن واپس لایا جائے گا، سلمان شہباز کو عدالت اشتہاری قرار دے چکی ہے۔ ترجمان نیب کے مطابق احتساب عدالت نے منی

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

آگر اسی طرح باڈر بند رہے تو لوگ چوری اور دیگر کاموں میں سرگرم ہوجائیں گے، عبدالرحیم کاکڑ

چمن میں جو احتجاج ہوا، ہم مرکزی انجمن تاجران بلوچستان ان کے ساتھ مکمل کھڑے ہیں اور برادرانہ کا ساتھ دیں، مرکزی انجمن تاجران بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے صدر عبدالرحیم کاکڑ، حضرت علی اچکزئی، سید عبدالقیوم آغا، میر یاسین مینگل، سعداللہ اچکزئی، حاجی غدائے دوست، صادق اچکزئی، حاجی اسحاق دشتی، حاجی خلیل دھیانی، آغا محمد حسنی بگٹی نور احمد سامونی، عارف خان کاکڑ، اشرف ترین باری، آغا ذین الدین کاکڑ، سید نعمت آغا، عثمان ترین، فرید ترین اللہ اچکزئی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ چمن اور قلعہ عبداللہ کی بندش سے بلوچستان بھر کے تاجر و کاروباری لوگ

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

کراچی امیر جماعت اسلامی سینیٹر سراج الحق کرونا کے حوالے سے مشاورتی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

میرے بچوں کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کرینگے

نیز دراز کار محمد رند

وفاقی صوبائی حکومت نے ٹڈی دل کو کنٹرول نہیں کیا تو اگلے 6 ماہ میں قحط سالی جیسی سنگین صورتحال کے باعث بلوچستان میں لوگ بھوک سے مرجائیں گے

حکومت بجٹ میں ذمیندارں کیلئے خصوصی پیکج مختص کریں بچے ہماری جان سے بھی زیادہ عزیز ہیں اور اسکول بند رہیں گے' پارلیمانی لیڈر وزیر تعلیم

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے پارلیمانی لیڈر وزیر تعلیم سردار یار محمد رند نے کہا ہے کہ وفاقی صوبائی حکومت نے ٹڈی دل کو کنٹرول نہیں کیا تو اگلے 6 ماہ میں قحط سالی جیسی سنگین صورتحال کے باعث بلوچستان میں لوگ بھوک سے مرجائیں گے جس کا ہم مکمل نہیں ہوسکتے ہیں حکومت بجٹ میں ذمیندارں کیلئے خصوصی پیکج مختص کریں بچے ہماری جان سے بھی زیادہ عزیز ہیں اور اسکول بند رہیں گے خلاف ورزی کرنے والوں کا لائسنس منسوخ کرکے قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی پرائیویٹ اسکولز وسکیوں کے بجائے تجویز دیں قوموں کا مستقبل تعلیم کے بغیر نہیں بن سکتا ہے ان خیالات کا اظہار سردار یار محمد رند نے ''آن لائن'' سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ٹڈی دل کے خاتمے کیلئے بلوچستان حکومت کو آگاہ کردیا تھا کورونا وائرس کے سنگین صورتحال کے باعث ٹڈی دل کے خاتمے سے نمٹنے کیلئے ایکشن نہیں لیا گیا حکومت کو چاہیے تھا ٹڈی دل جہاں انڈے دیتی وہی پر اسپرے

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

پاکستان میں معیشت کا پہیہ چلانے کے سوا اور کوئی آپشن نہیں، وفاقی وزیر حماد اظہر

ہمیں 900 ارب روپے کا نقصان ہوا صورتحال آہستہ آہستہ جب بہتر ہوگی تو ہم پیکیج 800 ارب روپے کا ٹارگٹ حاصل کرلیں گے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے صنعت و پیداوار حماد اظہر نے کہا ہے کہ پاکستان کے پاس معیشت کا پہیہ چلانے کے سوا اور کوئی آپشن نہیں ہے۔ ایک انٹرویو میں وفاقی وزیر حماد اظہر نے کہا کہ اگر کورونا نہیں آتا تو ہمیں یقین تھا کہ ہم 4 ہزار 800 ارب روپے مالی سال حاصل کرلیں گے، ان ٹیکسز کی بنیاد پر جو ہم نے پچھلے سال لگائے یا ان سے پہلے جو پاکستان میں لگائے جاچکے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ہماری 17 فیصد گروتھ جاری تھی، ٹیکسز کی اور جو آخری کوارٹر ہوتا ہے اس میں سب سے زیادہ ٹیکسز جمع ہوتے ہیں تاہم اسی کوارٹر کے اندر کورونا کا سامنا کرنا پڑ گیا اور ٹیکس کے اہداف

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

نیویارک میں مظاہرین ویسٹ ہیوانٹ پر امریکی صدر کے خلاف مظاہرہ کررہے ہیں

وفاقی بجٹ عوام اور ملک دشمن بجٹ ہے، پیپلز پارٹی وفاقی بجٹ کو مسترد کرتی ہے، سید اقبال شاہ

سلیکٹڈ حکومت نے ملازمین کی تنخواہوں اور پنشن میں اضافہ نہ کرکے جینے کا حق بھی چھین لیا ہے، پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان جنرل سیکرٹری سید اقبال شاہ اور سیکرٹری اطلاعات سردار سربلند جوگیزئی نے وفاقی بجٹ کو عوام اور ملازمین دشمن قرار دیتے ہوئے مسترد کردیا، سلیکٹڈ حکومت نے ملازمین کی تنخواہوں اور پنشن میں اضافہ نہ کرکے جینے کا حق بھی چھین لیا ہے، پیپلز پارٹی دور میں سیلاب، زلزلہ، دہشتگردی کے باوجود تنخواہوں میں 100 فیصد سے زائد اضافہ کیا، حکومت نے معاشی ناکامیوں کا ملبہ کرونا پر ڈالنے کی کوشش کی ہے معیشت

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

وزارت داخلہ نے کورونا وائرس کے باعث حفاظتی اقدامات کے طور پر سرکاری دفاتر میں سماجی فاصلے کو لازمی قرار دیدیا

اسلام آباد (این این آئی) وزارت داخلہ نے کورونا وائرس کے باعث حفاظتی اقدامات کے طور پر سرکاری دفاتر میں سماجی فاصلے کو لازمی قرار دے دیا۔ اتوار کو جاری نوٹیفکیشن کے مطابق 15 جون سے تمام وزارتوں اور ڈویژن میں سماجی فاصلہ کی ہدایات پر عمل درآمد کیا جائے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق سرکاری دفاتر میں

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

ترجمان دفتر خارجہ کی اپنی اپنی ہانکنا

پنجگور چوروں ڈاکوؤں سے کوئی گھر اور شریف شہری محفوظ نہیں ہے، حاجی صالح محمد بلوچ

صوبائی حکومت کی غلط پالیسیوں اور نمائندوں کی غفلت لاپرواہی اور بھتہ خوری نے پنجگور کو مقتل گاہ میں تبدیل کردیا ہے

مسلح افراد کی لوٹ مار چادر اور چاردیواری کی پامالی ٹارگٹ کلنگ نوجوانوں کی گمشدگی نے ہر گھر کو ماتم بنادیا ہے سابق وزیر

پنجگور (این این آئی) نیشنل پارٹی پنجگور کے ضلعی صدر حاجی صالح محمد بلوچ نے کہا کہ صوبائی حکومت کی غلط پالیسیوں اور نمائندوں کی غفلت لاپرواہی اور بھتہ خوری نے پنجگور کو مقتل گاہ میں تبدیل کردیا ہے پنجگور میں روزانہ کی بنیاد پر دن دھاڑے معصوم لوگوں کی قتل گھروں میں مسلح افراد کی لوٹ مار چادر اور چاردیواری کی پامالی ٹارگٹ کلنگ نوجوانوں کی گمشدگی نے ہر گھر کو ماتم بنادیا ہے پنجگور کو بیشت اور امن کا گہوارہ بنانے والوں نے کرونا وائرس کو بہانہ بنا کر خود قرنطینہ میں بیٹھ کر تماشہ دیکھ

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

کرونا وائرس نے نظام زندگی کو مفلوج کرکے رکھ دیا ہے

شاہ محمود قریشی

آج ہم بحیثیت قوم ایک مشکل گھڑی سے گزر رہے ہیں کرونا عالمی وبائی چیلنج نے نظام زندگی کو مفلوج کرکے رکھ دیا ہے

وبا کے پھیلاؤ کو روکنے کے ساتھ ساتھ، غربت، بیروزگاری اور بھوک سے نمٹنے کیلئے اپنی تمام تر توانائیاں صرف کریں، ٹائیگر فورس کے نوجوانوں سے خطاب

ملتان (این این آئی) وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ کرونا عالمی وبائی چیلنج نے نظام زندگی کو مفلوج کرکے رکھ دیا ہے، ہماری کوشش ہے کہ اس وبا کے پھیلاؤ کو روکنے کے ساتھ ساتھ، غربت، بیروزگاری اور بھوک سے نمٹنے کیلئے اپنی تمام تر توانائیاں صرف کریں۔ اتوار کو وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی نے ملتان کی یونین کونسل 61۔62، 64۔65 اور یونین کونسل 14۔15۔16۔17 سے ٹائیگر فورس کے نوجوانوں سے بذریعہ ویڈیو لنک خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سب سے پہلے تو میں آپ سب کا شکر گزار ہوں کہ آپ نے وزیراعظم عمران خان کی کال اور میری درخواست پر لبیک کہا میں آپ سب کو ٹائیگر فورس میں شمولیت پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ آج ہم بحیثیت قوم ایک مشکل گھڑی سے گزر رہے ہیں کرونا عالمی وبائی چیلنج

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

شہید کی موت قوم کی حیات ہے، افغانستان میں انگریز مسلمانوں پر بدترین ظلم کررہے ہیں، قاری انوار الحق حقانی

ہمارے نوجوان نسل دین اسلام کی سربلندی حفاظت اور ناموس کی حفاظت کے لئے اپنے جانوں کے نذرانے پیش کرتے ہیں، جمعیت علماء اسلام

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی شوریٰ کے رکن صوبائی خطیب مولانا قاری انوار الحق حقانی کے داماد حافظ محمد شہزاد شہید کی نماز جنازہ طوغی عیدگاہ کوئٹہ میں میں ادا کی گئی جس میں جمعیت علمائے اسلام ضلع کوئٹہ کے ضلعی شوریٰ کے رکن پیر طریقت مفتی سیف الرحمن تعلیم اسلام کے مہتمم مفتی محمد ابراہیم، جے یو آئی ضلع کوئٹہ کے سیکرٹری اطلاعات حافظ عبدالحق شہزاد، معاون اطلاعات مولانا محمد طاہر توحیدی صوبائی مبلغ ختم نبوت مولانا محمد اویس مدرسہ انوار القرآن

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

پشاور وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محم

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

15 جون 2020ء

کورونا وائرس کی دنیا بھر میں تباہ کاریاں

دنیا بھر میں کورونا وائرس سے متاثرہ افراد کی تعداد 78 لاکھ 72 ہزار 619 تک جا پہنچی ہے جبکہ اس سے ہلاکتیں 4 لاکھ 32 ہزار 475 ہوگئیں۔ کورونا وائرس کے دنیا بھر میں 33 لاکھ 97 ہزار 681 مریض اسپتالوں، قرنطینہ مراکز میں زیر علاج اور گھروں میں آئسولیشن میں ہیں، جن میں سے 54 ہزار 106 کی حالت تشویش ناک ہے جبکہ 40 لاکھ 42 ہزار 463 مریض صحت یاب ہو چکے ہیں۔ امریکا تاحال کورونا وائرس سے سب سے زیادہ متاثرہ ملک ہے جہاں نا صرف کورونا مریض بلکہ اس سے ہلاکتیں بھی اب تک دنیا کے تمام ممالک میں سب سے زیادہ ہیں۔ امریکا میں کورونا وائرس سے اب تک 1 لاکھ 17 ہزار 527 افراد موت کے منہ میں پہنچ چکے ہیں جبکہ اس سے بیمار ہونے والوں کی مجموعی تعداد 21 لاکھ 42 ہزار 224 ہو چکی ہے۔ امریکا کے اسپتالوں اور قرنطینہ مراکز میں 11 لاکھ 70 ہزار 591 کورونا مریض زیر علاج ہیں جن میں سے 16 ہزار 744 کی حالت تشویش ناک ہے جبکہ 8 لاکھ 54 ہزار 106 کورونا مریض اب تک شفایاب ہو چکے ہیں۔ کورونا وائرس کے مریضوں کی تعداد کے حوالے سے ممالک کی فہرست میں برازیل دوسرے نمبر پر ہے جہاں کورونا کے مریضوں کی تعداد 8 لاکھ 50 ہزار 796 تک جا پہنچی ہے جبکہ یہ وائرس 42 ہزار 791 زندگیاں نگل چکا ہے۔ کورونا وائرس سے روس میں کل اموات 6 ہزار 829 ہوگئیں جبکہ اس کے مریضوں کی تعداد 5 لاکھ 20 ہزار 129 ہو چکی ہے۔ بھارت میں بھی کورونا وائرس کے مریضوں کی تعداد میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے اور وہ اس فہرست میں چوتھے نمبر پر آ گیا ہے۔ بھارت میں کورونا وائرس سے 9 ہزار 199 ہلاکتیں ہو چکی ہیں جبکہ اس سے متاثرہ مریضوں کی تعداد 3 لاکھ 21 ہزار 626 ہوگئی۔ برطانیہ میں کورونا سے اموات کی تعداد 41 ہزار 662 ہوگئی جبکہ کورونا کے کیسز کی تعداد 2 لاکھ 94 ہزار 375 ہو چکی ہے۔ اسپین میں کورونا کے اب تک 2 لاکھ 90 ہزار 685 مصدقہ متاثرین سامنے آئے ہیں جب کہ اس وبا سے اموات 27 ہزار 136 ہو چکی ہیں۔ اٹلی میں کورونا وائرس کی وبا سے مجموعی اموات 34 ہزار 301 ہو چکی ہیں، جہاں اس وائرس کے اب تک کل کیسز 2 لاکھ 36 ہزار 651 رپورٹ ہوئے ہیں۔ پیرو میں کورونا وائرس کے باعث 6 ہزار 498 ہلاکتیں اب تک ہو چکی ہیں جبکہ یہاں کورونا کیسز 2 لاکھ 25 ہزار 132 رپورٹ ہوئے ہیں۔ جرمنی میں کورونا سے کل اموات کی تعداد 8 ہزار 867 ہوگئی جبکہ کورونا کے کیسز 1 لاکھ 87 ہزار 423 ہوگئے۔ ایران میں کورونا وائرس سے مرنے والوں کی کل تعداد 8 ہزار 730 ہوگئی جبکہ کورونا کے کل کیسز 1 لاکھ 84 ہزار 955 ہوگئے۔ ترکی میں کورونا وائرس سے جاں بحق ہونے والوں کی تعداد 4 ہزار 792 ہوگئی جبکہ کورونا کے کل کیسز 1 لاکھ 76 ہزار 677 ہوگئے۔

کشمیر یوڈٹے رہو، منزل قریب ہے

میر افسر امان

کشمیری بھی عجیب قوم ہے۔ عرصہ ہوا ظالم بھارت کے خلاف ڈٹی ہوئی ہے۔ جانوں، مالوں، عزتوں اور ارمانوں کی قربانیاں دیتی ہی جا رہی ہے۔ پہلے کفر کے ناگ پوجا مذہب میں مبتلا تھی۔ پھر اسلام کے پرامن اور سلامتی والے دین کے سایہ میں آئی۔ مسلمان حکمرانوں نے کئی برس ان پر حکومت کی۔ کشمیری قوم کو انگریز نے ۷۵ لاکھ نانک شاہی سکوں کے عوض سکھوں کو فروخت کیا۔ سکھوں نے ظلم و ستم کی انتہا کی۔ انگریز برعظیم سے جانے لگے تو ہندوؤں نے مسلمانوں کو زیر کرنے کے لیے وطنیت کے جال میں پھنسانے کی کوشش کی۔ حضرت قائد اعظم محمد علی جناح کی ولولہ انگیز کرشماتی شخصیت نے برعظیم میں دو قومی نظریہ کی بنیاد پر مسلمانوں کے نئی ریاست پاکستان کی تحریک اُٹھائی۔ بین الاقوامی طور تسلیم شدہ معاہدہ کے مطابق، جہاں مسلم اکثریت میں ہیں ان کی حکومت اور جہاں ہندو اکثریت میں وہاں ہندوؤں کی حکومت۔ اس فارمولے سے کشمیر جو مسلم ریاست تھی پاکستان کے ساتھ شامل ہونا تھا۔

مسلم کانفرنس نے پاکستان میں شمولیت کے قرارداد پاس کی۔ قوم پرست شیخ عبداللہ نے کشمیری قومیت کے سہارے کشمیری مسلمانوں کو ازلی دشمن ہندوؤں کے قومی وطنیت کی بینٹ چڑھا دیا۔ کشمیریوں کو پاکستان میں شامل ہونے سے روکا۔ بھارت نے راجا ہری سنگھ کے جعلی الحاق کے بہانے اپنی فوجیں سری نگر اُتاریں۔ کشمیریوں نے راجا ہری سنگھ اور بھارت کی فوج کے قبضے کے خلاف مزاحمت شروع کی۔ یہ مزاحمت اب تک جاری ہے۔ پاکستانی فوج اور قبائل نے کشمیریوں کا ساتھ دیا۔ موجودہ آزاد کشمیر کو بھارت کے چنگل سے آزاد کرایا۔ گلگت بلتستان کو مقامی مجاہدین نے آزاد کرایا۔ پاکستانی فوج اور قبائلی سری نگر تک پہنچنے والے تھے۔ بھارت کے وزیر اعظم نہرو جنگ بندی کے لیے اقوام متحدہ گئے۔ اس وعدے پر جنگ بندی ہوئی کہ حالات پرامن ہونے پر کشمیریوں کو حق خود ارادیت دیا جائے گا۔ وہ اپنی مرضی سے بھارت یا پاکستان میں شامل ہو جائیں۔ کشمیر کے دونوں طرف اقوام متحدہ نے اپنے فوجی مبصر تعینات کر دیے۔ اس کے بعد بھارت اپنے وعدے سے مکر گیا۔ بھارت اپنے سیاسی رہنما چانکیہ کوٹلیا کی سیاسی چال پر چلتے ہوئے وقت چاہتا تھا۔ اقوام متحدہ نے کشمیر میں رائے شماری کے لیے گیارہ قراردادیں منظور کیں۔ مگر کسی ایک پر بھی عمل درآمد نہ کر سکی۔ اس لیے کہ کشمیر مسلمانوں کا مسئلہ ہے۔ عیسائیوں یا یہودیوں کا نہیں۔ فلسطین یہودیوں کا مسئلہ تھا۔ بلفور یک طرفہ معاہدہ کر کے دنیا کے یہودیوں کو فلسطین میں آباد کر دیا گیا۔ انڈونیشیا اور سوڈان میں عیسائیوں کا مسئلہ تھا۔ فوراً ریفرنڈم کروا کے دو عیسائی ریاستیں قائم کر دیں۔ مسئلہ کشمیر اور فلسطین اقوام متحدہ ابھی تک حل نہیں کروا سکی۔ اس لیے کہ اقوام متحدہ پر یہود اور نصاریٰ غالب ہیں۔

کشمیری ۱۹۴۸ء سے بھارت کی غلامی سے نجات پانے کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں۔ بھارت سے کشمیر کی آزادی کے لیے ۱۹۴۸ء ۱۹۶۵ء اور ۱۹۹۹ء میں تین جنگیں ہوئیں۔ ۵ اگست ۲۰۱۹ء میں مذہبی انتہا پسند بھارتی راشٹریہ سیوک سنگ (آر ایس ایس) ہٹلر طرز کی قومی برتری پر قائم تنظیم کے بنیادی رکن اور بھارت کے موجودہ وزیر اعظم نریندر داس مودی نے کشمیر بارے بھارتی آئین کی خصوصی دفعات ۳۷۰ اور ۳۵ اے کشمیریوں کی رائے اور کشمیر کی پارلیمنٹ کی منظوری کے بغیر، غیر آئینی طور پر ایک ایکٹ کے ذریعے ختم کر کے، ریاست کشمیر کو بھارت کی یونین میں شامل کر کے کشمیر میں کرفیو لگا دیا۔ جو آج تک لگا ہوا ہے۔ میڈیا کے سارے ذرائع بند ہیں۔ بھارتی سفاک فوج، آر ایس ایس کے غنڈوں اور اسرائیلی فوجیوں کے ساتھ مل کر سیکڑوں کشمیری نوجوانوں کو محاصرے کے دوران شہید کر دیا۔ خواتین کے ساتھ آبروریزی کی، بچوں کے لیے دودھ ناپید ہے، دوائیوں اور علاج کی سہولت نہ ہونے پر اموات ہو رہی ہیں۔ کرفیو کی وجہ سے کشمیری اپنے مردے گھروں کے صحن میں دفنانے پر مجبور کر دیے گئے۔ کون سا حربہ ہے جسے بھارتی سفاک فوج نے استعمال نہیں کیا۔ کشمیریوں کو گم کر دیا گیا۔ اجتماعی قبروں میں ڈال دیا۔ کئی نامعلوم قبروں دریافت ہو گئی ہیں۔ مظالم کے خلاف پرامن اور نہتے مظاہرین پر منوعہ پیلٹ گنیں چلا کر کشمیریوں کو اندھا کر دیا۔ کشمیری بچیوں کو گرفتار کر کے ان کی چوٹیاں کاٹ دی گئیں۔ فوجی جیپ کے بونٹ پر کسی کشمیری کو رسیوں سے باندھ دیا گیا۔ اس لیے کہ مظاہرین جب پتھر ماریں تو فوجی کے بجائے جیپ کے بونٹ پر باندھے مظلوم کشمیری کو لگیں۔

کشمیر میں جاری بھارتی سفاکیت کو چھپانے کے لیے امریکا اور اسرائیل کی عملی مدد اور افغانستان کی قوم پرست اور اپنے شمشون یا دیو جیسے حاضر فوجیوں کے ذریعے پاکستان میں دہشت گردی کرائی گئی۔ جسے پاک فوج نے کافی حد تک کچل دیا۔ بلوچستان وکیلوں کی شہادت، کراچی ایک دن میں سو بے قصور پاکستانیوں کی شہادت، پشاور میں ایک سو پچاس معصوم بچوں کی شہادت کے سفاکانہ واقعات تو اب تک پاکستانیوں کو یاد ہے۔ بھارت نے پاکستان کے خلاف جنگ کا سماں پیدا کیا ہوا ہے۔ بھارت کے دہشت گرد مودی نے پاکستان کو سبق سکھانے کے منشور پر الیکشن جیت کر بھارت کا وزیر اعظم بنا ہے۔ مودی نے ممبئی بالاکوٹ پر ہائی حملہ کر بھی چکا۔ اس میں منہ کی کھائی۔ پاکستان نے بھارت کے دو جہاز تباہ کیے۔ ایک پائلٹ ابھی نندن کو گرفتار بھی کیا۔ بھارت کسی وقت بھی پاکستان پر حملے کی حماقت کر سکتا ہے۔ عمران حکومت نے پاکستانی فوج کو ہائی الرٹ کے احکامات جاری کیے ہوئے ہیں۔ پاکستان معاشرہ شہیدوں اور غازیوں کا معاشرہ ہے۔ اگر بھارت نے کسی بھی بہانے سے جارحیت کی تو اسے منہ توڑ جواب دیا جائے گا۔ یاد رکھیں کہ قائد اعظم بانی پاکستان نے کشمیر کو پاکستان کی شہ رگ قرار دیا ہوا ہے۔ کوئی قوم اپنی شہ رگ کو دشمن کے حوالے نہیں کر سکتی۔ ہمیں کبوتر کی طرح آنکھیں بند کرنے نہیں کرنی چاہیے بلکہ آنکھیں کھول کر رکھنی ہیں۔ کشمیر تحریک پاکستان کی جنگ لڑ رہے ہیں۔ اپنے شہیدوں کے جست خاکی پاکستان کے جھنڈوں میں لپیٹ کر دفناتے ہیں۔ پاکستان کے جھنڈے لہراتے رہتے ہیں۔ ہر سال پاکستان کا یوم آزادی مناتے ہیں۔ بھارت کے یوم آزادی پر کالے جھنڈے لہرا نفرت کا اظہار کرتے ہیں۔ اپنی گھڑیوں کا وقت پاکستان کے وقت سے ملایا ہوا ہے۔ کشمیر کے ہر گھر میں کوئی نہ کوئی شہید ہو چکا ہے۔ کشمیری شہیدوں کی قبلیاں مرمٹنے پر تیار ہو چکی ہیں۔ بھارت کشمیریوں کا جذبہ جہاد ختم نہیں کر سکتا۔ کشمیری اپنا آج پاکستان کا کل محفوظ کرنے کے لیے اور مکمل پاکستان کے لیے قربانیاں کر رہے ہیں۔ ہندوؤں جان جاؤ کشمیر، کشمیریوں کا ہے۔ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے۔ اسلامی جمہوریہ پاکستان مثل مدینہ ریاست پر اللہ کا سایہ ہے۔ اللہ اسے ہمیشہ قائم اور دائم رکھے گا۔ بھارت اپنے قومی برتی اور مظالم اور انتہا پسند مذہب کی وجہ سے ہٹلر کی طرح تباہ ہو جائے گا۔ کشمیر یوڈٹے رہو منزل قریب ہے۔ ان شاء اللہ

فنکاروں کے ساتھ ناانصافی کیوں۔۔۔؟؟؟

متبول گل محمد شہی

سطح پر ملک وقوم کا نام روشن کیا ہے فنکار کسی بھی ملک وقوم کے سفیر ہوتے ہیں انہی فنکاروں سے ملک کی نمائندگی ہوتی ہے لیکن جیسے جیسے دن گزرتے جا رہے ہیں کچھ سالوں سے فنکاروں کی زندگی اجیرن بنا دی جاری ہے پی ٹی وی سینٹر کو بند کی زبوں حالی کی وجہ سے کئی فنکار اس فن کو خیر باد کہہ چکے ہیں آج سے دس اور پندرہ سال پہلے اگر پی ٹی وی کی حالت کو دیکھا جائے تو بہت بہترین حالات ہونے کی وجہ سے لوگ آرٹسٹ اور فن کار بننا پسند کرتے تھے یہاں تک کہ کچھ فنکاروں نے اپنی سرکاری نوکریاں تک چھوڑ دی تھیں اور اس فن کو اپنایا تھا لیکن جب سے پی ٹی وی اور ریڈیو کی زبوحالی ہوئی ہے تو بہت سے فنکار کسمپرسی کی حالت میں اس دنیا سے رخصت ہوئے ہیں بہت سارے فنکار اس فن کو خیر باد کہہ کر مزدوری کرنے لگے تاکہ ان کا گزر بسر ہو سکے فنکار برادری پہلے سے بہت سے مشکلات کا شکار تھے پھر اللہ کی جانب سے اس وبا کا نزول ہوا اس سے ان کی دنیا تباہ ہو کر رہ گئی خیر یہ بات تو پورے دنیا کے لوگوں پر ہے۔

کچھ بات فنکاروں کے لئے۔۔۔۔۔ منظور ہونے والے فنڈ پر بات چیت کی جائے وزیر اعلیٰ نواب شاہ اللہ خان زہری کے دور حکومت میں فنکاروں کے لیے ہیں کروڑ کا فنڈ منظور ہوتا ہے پھر تمام تر معاملات کو ادارہ ثقافت کے سپرد کر دیا جاتا ہے تاکہ وہ فنکاروں کو یہ رقم برابر برابر تقسیم کریں اب تک کسی ایک بھی فنکار کو وہ رقم ملی نہیں۔ آیا کیا ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ اتنی بڑی رقم کہاں گئی۔ کن لوگوں کو ملا کن فنکاروں میں تقسیم ہوا۔ یہ ایک سوالیہ نشان ہے۔ جب بھی اس رقم کے بارے میں پوچھا گیا تو کہا گیا کہ سیکرٹریٹ میں زیر التوا ہے۔ عنقریب وہ فنڈ بھی جاری ہوگا۔ لیکن آج تک اس کا کوئی اتا پتا نہیں۔ خیر فنکاروں پر ظلم کی یہ پہلی بات نہیں۔ چلیے مزید بھی آپ کو بتاتے ہیں۔ کہ فنکاروں کے ساتھ کیا کیا ناانصافی ہوئی ہیں۔ اس فنڈ میں فنکاروں کی سلیکشن کیلئے 45 سال کا تجربہ رکھا گیا کہ جو فنکار 45 سالہ تجربے پر فوقیت رکھتا ہے تو ان کو ہی اس فنڈ سے نوازا جائے گا۔ پھر سوچا گیا کہ اتنی ساری فنکاروں کی رجسٹریشن کیسے ہوگی۔ کیسے یہ معاملات حل ہوں گے۔ لیکن یہ بات ذہن میں آئی کہ لازمی سی بات ہے کہ سنیارٹی بھی تو کوئی چیز ہے۔ ان کا بھی تو خیال کیا جائے گا۔ ان سینئر فنکار آرٹسٹ ڈراما۔ آرٹسٹوں کے ساتھ مل بیٹھ کر ان معاملات کو طے کیا جائے گا۔ لیکن جب یہ معاملات ادارے ثقافت کو سونپے گئے۔ تو معلوم ہوا کہ دال میں کچھ نہ کچھ کالا ہے۔ فنکاروں کے ساتھ ہونے والے اس دھوکے کا میں بخوبی اندازہ ہو گیا۔ میں یہاں ثقافت کا بار بار ذکر اس لئے کر رہا ہوں۔ کہ یہ ادارہ فن، موسیقی ڈراما آرٹسٹ۔ باقی تمام فیلڈ جو آرٹس سے منسلک ہیں۔ ان کو پرموٹ کرتا ہے۔ کیونکہ یہ ادارہ بنایا انہیں کے لیے ہے۔ لیکن افسوس کی بات یہ ہے کہ اس ادارے میں بیٹھے ہوئے افسران سب سے زیادہ فنکاروں کا استحصال کر رہے ہیں۔ ادارہ ثقافت میں موجود چند افسران ہیں۔ جو ہر پروگرام ایونٹ میں چند اپنے گنے چنے ہوئے فنکاروں کو مدعو کرتے ہیں۔ جن سے انہوں نے اپنا ایک جوڑ بنایا ہوا ہے۔ اسلام آباد میں ہر سال لوک ورثہ منایا جاتا ہے۔ ملک بھر سے فنکار آتے ہیں اور اپنے فن کا مظاہرہ کرتے ہیں۔

اپنے صوبے کی نمائندگی کرتے ہیں اپنے فن کا مظاہرہ کرتے ہیں میں آپ سے شرتیہ یہ کہتا ہوں کہ ابھی آپ سوشل میڈیا پر جائیں اور لوک ورثہ کا پچھلے پانچ سال پہلے کا بلوچستان ٹائٹ کا ویڈیو دیکھیں تو آپ کو صرف اور صرف چند ہی ایسے فنکار ملیں گے جو ہر سال وہاں پر موجود ہوتے ہیں۔ اور اپنے فن کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ جو دراصل باقی فنکاروں کے ساتھ سراسر ناانصافی ہے۔ بہت زیادہ ناانصافی ہو رہی ہے۔ ایک طرف پی ٹی وی اور ریڈیو پاکستان کی زبوں حالی۔ دوسری طرف ادارہ ثقافت میں بیٹھے ہوئے فن کش لوگ۔ فنکاروں کا بھرپور استحصال کر رہے ہیں۔ فنکاروں کے ساتھ ظلم کی داستان یہاں پے ختم نہیں ہوتی۔ چلیں آگے چلتے ہیں۔ حال ہی میں دو مارچ بلوچ کلچر ڈے۔ ادارہ (جاری ہے)

چین کی ترقی اور ہمارا المیہ (آخری قسط)

عنید لاکھانی

درست نہ کر سکے جس کی وجہ گزشتہ حکومتوں کی کرپشن اور لوٹ مار تھی جس نے پاکستان کی معیشت اور اقتصادیات کو کہیں کا نہ چھوڑا، بھارت سے جہاں کشمیر کے معاملے میں پاکستان کا جھگڑا ہے وہاں لداخ کی وجہ سے بھارت کا چین سے بھی جھگڑا رہتا ہے لداخ بھی اتنا ہی بڑا ہے جتنا کہ چین ہے مگر آج چائنہ انڈیا سے 5 گنا زیادہ طاقتور ملک ہے جس کی وجہ سے انڈیا بھارت کے سامنے اپنے گھٹنے ٹیکنے پر مجبور ہے وجہ صرف اپنی پاور نہیں بلکہ وہ تمام شعبے ہیں جو انسانی زندگی کے لیے ضروری ہے جس میں اس نے انڈیا تک کو اپنا ماتحت کر رکھا ہے نتیجہ لداخ پر حالیہ جھڑپ جس پر انڈیا نے پوری دنیا کے سامنے چینی افواج اور حکومت سے معافی مانگی، آج ہمارے پاکستان میں علم اور ٹیکنالوجی محدود ہے پروفیشنل ازم کی طرف توجہ نہایت ہی کم ہے اور ملک میں ہر طرف جاری سیاسی چپقلش کی وجہ سے ہر چیز متنازع سی دکھائی دیتی ہے ملک کی عدالتوں میں چوری اور ڈاکوں کے کیسز کی بھرمار ہے جس نے انسانی فلاح کے عمل کو بہت آہستہ کیا ہوا ہے چین کی نسبت اگر جمہوریت کی بات کرے تو جمہوریت ایک اچھی چیز ہے مگر اس کے ساتھ شہریت کے اصولوں اور ڈسپلن کا مظاہرہ کرنا بھی اتنا ہی ضروری ہوتا ہے جس کی الف اور ب تک کا وہ میں معلوم نہیں ہے بس جمہوریت اور آمریت کی ایک رٹ لگا رکھی ہے۔

پاکستان میں چھوٹے چھوٹے ٹھیلے چھوٹی بڑی شاہراہوں پر اکثر کھڑے ملتے ہیں جس پر خریداروں کا بے پناہ رش لگا رہتا ہے جس کی وجہ سے اکثر سڑکیں بلاک رہتی ہیں کہنے کو تو یہ ایک چھوٹی سی بات ہے مگر جن ملکوں نے بھی ترقی کی ہے ان ملکوں نے اپنی ترقی کو گراس روٹ لیول سے شروع کیا ان چھوٹی چھوٹی چیزوں پر توجہ دی۔ آج پاکستان میں بڑے سے بڑا اور چھوٹے سے چھوٹا آدمی ہیرا پھیری کر کے کما رہا ہے آج ہر کوئی ایک رات میں ہی اقتدار حاصل کر لینا چاہتا ہے ہر آدمی پلک جھپکتے میں ہی امیر آدمی بن جانا چاہتا ہے، ہم صرف اس انتظار میں رہتے ہیں کہ مغرب سے ایڈ مل جائے غلاں سے پیسہ مل جائے بس یہ ایک سوچ ہم پر حاوی رہتی ہے مگر یہ جاننے کی کبھی کوشش بھی نہیں کرتے کہ ترقی کے لیے ایک تسلسل کی ضرورت ہوتی ہے اور سب سے بڑھ کر محنت کے ساتھ ذہنی سوچ کا بھی عمل دخل ہوتا ہے ابھی بھی وقت ہے مگر اس کے لیے وہ میں تعلیم اور ٹیکنالوجی کی قدر کرنا ہوگی ایک قوم بنتا ہوگا کرپشن سے پاک معاشرے کے لیے کام کرنا ہوگا۔ چین کی اس کہانی میں ہمارے لیے سبق یہ ہے کہ اقتصادی ترقی کے اس عمل کے ساتھ ساتھ حکومتی اداروں کو غربت کو کنٹرول کرنے کے لیے واضح اور مسلسل کوششیں کرنا پڑتی ہیں سبق یہ ہے کہ صرف صنعتی ترقی سے غربت ختم نہیں ہوتی بلکہ اس کے ساتھ ساتھ غربت ختم کرنے کی پالیسیاں بھی نافذ کرنا پڑتی ہیں۔ ختم شد

☆☆☆☆☆

بے کار سیاسی ورکر

عنایت اللہ رگام

بے کار سیاسی ورکروں کو نہ کام نہ دہندہ، صبح سے لیکر رات تک کبھی اس ہوٹل میں کبھی اس ہوٹل میں بیٹھ کر گپ شپ لگا کر دن گزاری کرتے ہوئے ایک دوسرے سیاسی جماعتوں کے ورکروں سے بحث مباحثے کے ساتھ اخلاق کے دائرے میں رہتے ہوئے ایک دوسرے کے قائدین کو تنقید کرتے ہیں جب رات کو گھر جاتے ہیں اپنی بنائی ہوئی فیک آئی ڈیز میں گالم گلوچ کے پوسٹ لگاتے ہیں اپنے دوسرے فیک آئی ڈی سے پوسٹ کو لائک کمنٹس تعریفی کلمات لکھتے ہیں پوسٹ کو بار بار شیئر کرتے ہیں دوسرے دن یہی گالم گلوچ کرنے والے ہوٹلوں میں بیٹھے ہوئے محو گفتگو ہوتے ہیں اپنی دی ہوئی پوسٹ پر تجزیے، تبصرہ کرتے ہیں خوشگوار موڈ میں ہیں یہی بے کار سیاسی ورکر پتہ نہیں روزانہ کئی بار خود چائے پیتے ہیں دوسروں کو پلاتے ہیں کبھی یہاں کبھی وہاں پکنک منانے جاتے ہیں سال میں دو، تین دفعہ دوسرے شہروں میں سیر و تفریح کے نام گھومنے جاتے ہیں، ان کے فیس بک، وٹس ایپ گروپ ان کی ان چیزوں کی گواہی دیتے ہیں، یہ صرف چائے نہیں پیتے ہیں سگریٹ، تمباکو نوشی کے ساتھ وہ بھی کرتے ہیں، دوسروں کے ظہرانے میں شرکت کرتے ہیں بے شمار ظہرانوں میں شرکت تو کرتے ہیں کبھی اپنے ظہرانوں میں نظر نہیں آتے ہیں دیتے نہیں نظر کیسے آتے ہیں بلوچی میں ان کو دسترخوان کے بلی، دسترخوان کے بلی کہتے ہیں دسترخوان کے بلی ہمیشہ ماؤں ماؤں کرتی رہتی ہے خیر بات کہاں سے کہاں گئی، اصل موضوع پر آتے ہیں بے کار سیاسی ورکروں کے موبائل قیمتی ان کے پاس دو دو موبائل، 4، 5 سمیں ہوتے ہیں ان کے موبائل پیکج ہی پیکج ہوتے ہیں، بغیر پیسے کے پیکج نہیں ہوتے ہیں، ان کے پاس گاڑیاں اور موٹر سائیکل ہیں گاڑی موٹر سائیکل پانی سے نہیں تیل سے چلتے ہیں تیل کیلئے پیسے کی ضرورت ہوتی ہے، تمام سیاسی جماعتوں کے ضلعی، تحصیلی لیڈر شپ سرگرم کارکن یا تو بے روزگار یا تو فورتھ کلاس کا سرکاری ملازم، ان کی لش پش، چال ڈھال دیکھیں لگتے نہیں، یہ بے روزگار، یا کسی محکمے میں چوکیدار، نائب قاصد، یا ٹاؤن میں خاکروب ہیں 15، 16 ہزار روپے تنخواہ لینے والے کی آسودگی دیکھو سوال اٹھتا ہے، ان پر مہربان کون؟ ان کو کون دے رہا ہے، ان سے پوچھا جائے، آپ کو کون دے رہا ہے جواب ہوگا، اللہ تعالیٰ، بلکل دینے والی ذات اللہ تعالیٰ، آپ کو سیاسی جماعتوں کے ذمہ داران کو کس نے بنایا ہے، اللہ تعالیٰ نے، دینے اور بنانے والی ذات ہے اللہ تعالیٰ نے کسی کو ایم این اے، ایم پی اے اہم عہدہ دیا ہوا ہے میں نے اور آپ نے نہیں، ان کا فٹ جواب ہوگا، ہمارے ووٹوں سے منتخب ہوئے ہیں آفیسران کو ہماری ٹیکسوں سے تنخواہ ملتی ہے ہمارے ووٹوں سے منتخب ہونے والے الیکشن مہم کے دوران گھر گھر جا کر منت سماجت کرتے ہیں پیسے پانی کی طرح بہاتے ہیں تلخ ترش باتوں کو خندہ پیشانی سے برداشت کرتے ہیں باتوں کا جواب مسکرا کر دیتے ہیں آپ لوگوں کے کپڑے دوسرے استری کرتے ہیں جوتوں کو موچی سے پالش کرواتے ہو، دو پہر، رات کھانا تیار ہوتا ہے جا کر کھاتے ہو، ایک چیز تسلیم کرنا پڑتا ہے جو کھاتے ہو پہنتے ہو، استعمال کرتے ہو، کاٹن شاٹن ہو، قیمتی موبائل ہاتھوں میں ہیں ہمیشہ پیکج ہیں یہ محنت کے پیسے نہیں ہے یہ جو روز بک بک کرتے ہو مفت میں نہیں، کسی کام کے عوض میں، بے کار سیاسی ورکروں کو سیاسی، قبائلی سربراہان اپنی مشہوری، اپنی تعریف کرنے، مخالفین کے خلاف پروپیگنڈہ کرنے، گالم گلوچ کرنے کے عوض میں خیالداری کرتے ہیں خیالداری ان کو اندھا بنا دیتی ہے نہ ان کو اپنی عزت کا خیال ہوتا ہے نہ دوسروں کی عزت کا پرواہ کرتے ہیں جو بس آقا کا حکم ہو، ہر ایک کے ساتھ الجھنے کی کوشش کرتے ہیں دھونس دھمکیاں دیتے ہیں نازیبا الفاظ استعمال کرتے ہیں یہ کون ہیں بندوں کے بندے ہیں جو بندوں کے بندے ہوتے ہیں بندوں کی تعریف کرتے ہیں جو اللہ کے بندے ہوتے ہیں وہ اللہ کی تعریف کرتے ہیں بلوچستان میں جتنے فیک آئی ڈی بنائے گئے ہیں ان بنانے والے اپنے اپنے حلقوں میں بارے ہوئے سیاسی جماعتوں کے ذمہ داران کی ہے سیاسی میدان میں مقابلے نہ کرنے کی پوزیشن میں ہیں فیک آئی ڈی بنا کر بے بنیاد الزامات لگاتے ہیں نازیبا الفاظ استعمال کر رہے ہیں ایسے الفاظ کے استعمال پائیں رہے ہیں بلکہ کھور ہے ہیں بس ہماری دعا ہے اللہ تعالیٰ ان ہدایت دے۔

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

مسلمان ہونے والے سابق قادیانی رہنما پروفیسر عرفان محمود برق کی مسلمانوں کے خلاف قادیانیوں کی سازشوں کو بے نقاب کر دیا اور حیرت انگیز باتیں منظر عام پر لایا

رضا عبدالفتاح عطاری 03120107022

زندگی کا کوئی بھی مقصد نہ ہو اور زندگی دنیاوی کاموں میں فضول گذر جائے تو پھر اس دنیا میں آنے کا کیا مطلب ہوا، دنیا کے تمام عظیم انسانوں کی زندگیاں با مقصد، کسی کاز مقصد کے تحت گذری ہیں، جو کہ دوسروں کے لئے ایک تحرک، جدوجہد اور زندگی کی گائیڈ لائن کے طور پر ہمیشہ

رہنے والی ہوتی ہے۔ انکی زندگی دوسروں کے لئے مشعل راہ ہوتی ہیں۔ قادیانیت کے مرکز اور قلعہ میں جنم لینے والے سینئر رائٹر، ادیب، دانشور سابق قادیانی پروفیسر عرفان محمود برق (جس کے بابا، دادا پوری فیملی)، قادیانیت کے مرکزی رہنما کے طور پر جانی پہچانی جاتی تھی۔ مگر اللہ تعالیٰ کی رحمت و توفیق سے وہ توبہ تائب ہو کر مسلمان ہو گئے اور انہوں نے قادیانی مذہب کو ہمیشہ کے لئے الوداع کہ کر اسلام کی تعلیمات کو اپنایا، انہوں نے اسلام کے آفاقی پیغام کو سینے دل سے لگایا، پہلے والی زندگی پر شدید پچھتاوا شرمندگی کا اظہار کیا۔ اس کے بعد انہوں نے کہا کہ اب میری زندگی کا ایک ہی مقصد ہے کہ تحفظ ختم نبوت ﷺ، ناموس رسالت ﷺ ہے۔ انہوں نے کہا کہ قادیانی سب سے پہلے چھوٹے بچوں اور نوجوانوں کے عقائد خراب کرنے کے لئے بیرون ممالک کے ویزا، پیسے، نوکریاں دلانے سمیت دیگر مختلف خرافات کرتے ہیں، وہ مسلمانوں سے ایمان جیسی نعمت چھیننے کے لئے دن رات سرگرم رہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میرے دادا عبدالرحیم قادیانی، مرزا غلام احمد قادیانی کے خلیفہ کے طور پر پہچانے جاتے تھے اور ہمارا گھر قادیانیوں کا مرکز اور قلعہ سمجھا جاتا تھا۔ میرے بچپن کا واقعہ ہے میرے دادا کے پاس ایک مسلمان کسی کام سے ملنے آیا تو اسی دوران انہوں نے مجھے کہا کہ اپنی دادی جان سے کہو شیزان شربت کا ایک گلاس بھر کے لے آئیں مگر اسے کہنا وہ چیز اس میں ڈالے۔ میں نے دادی کو دادا کی یہ بات بتائیں مگر اسے دوران میں نے ایک حیرت انگیز اور انتہائی نامناسب چیز دیکھی، کیا دیکھتا ہوں کہ میری دادی شربت میں اپنی تھوک ڈالتی ہے۔ جس پر میں نے اسے کہا دادی آپ گندی ہیں۔ پینے والے چیز میں تھوکتی ہے اور وہ مسلمان کو دیتی ہے۔ جس پر انہوں نے مجھے ڈانٹا اور کہا یہ بات کس کو نہیں کرنی ہے۔ ابھی آپ چھوٹے ہو بڑے ہو کر سمجھ جاؤ گے، ہم مسلمانوں کو شربت میں تھوک ہی نہیں بلکہ پیشاب، پاخانہ، ملائمت ڈالتے ہیں اسی سے ہمیں سکون ملتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میرے دادا کٹر قسم کا قادیانی تھے اللہ، رسول اللہ ﷺ، انبیاء کرام، صحابہ کرام، اہلبیت پاک، اولیاء کاملین کی گستاخیاں، بے ادبی والے الفاظ بولتا تھا۔ اسی وجہ سے میرے دادا مرنے سے پہلے کتے کی طرح بھونکتے دیکھا گیا۔ پڑوسی محلے کے مسلمان کہتے تھے کہ شاید قادیانیوں نے گھر میں کتا پالا ہے، کتے کی طرح آواز نکالتا تھا اور مرنے سے قبل تین دن تک تڑپ تڑپ کر اس کا موت ہو گیا، اسی طرح میری دادی جو کہ عورتوں میں قادیانیت کی تبلیغ کرتی تھی اسی کا بھی کا انتہائی بھیانک قسم کا موت واقع ہوا، وہ چیخ چیخ کر روتی ہوئی مر گئی جبکہ میرے چچا شبیر احمد قادیانی کا دنیا سے جاتے وقت کئی روز تک آنکھیں نکل آئیں اور آسمان کی جانب نظریں کر کے روتے تھے ہوئے بازوں ہاتھ لٹکا کر مر گیا۔ پھر میں نے سوچا آخر ایک کے بعد دوسرا اور دوسرے کے بعد تیسرا

شال بقیہ 1

اپوزیشن کی جانب سے پیش کئے گئے مطالبات اور تجاویز سے متعلق حتمی فیصلہ ہوگا اپوزیشن کی جانب سے مذاکرات کی ناکامی کی صورت میں متحدہ اپوزیشن میں شامل جماعتوں کی مشاورت سے آئندہ کا لائحہ عمل طے کیا جائے گا اپوزیشن کی جانب سے حکومت کو پیش کئے گئے مطالبات میں صوبے کے حکومتی حلقوں کی طرح اپوزیشن حلقوں کو بھی برابری کی بنیاد پر فنڈ دینے اور حلقوں میں غیر منتخب لوگوں کی بے جا مداخلت بند کرنے سمیت اپوزیشن ارکان اسمبلی کا استحقاق اور عزت برقرار رکھنا شامل ہے واضح رہے کہ اپوزیشن جماعتوں کی جانب سے مشکل کو اپوزیشن حلقوں میں حکومت کی جانب سے غیر منتخب لوگوں کو فنڈز دینے اپوزیشن حلقوں کو نظر انداز کرنے اور کورونا کے آڑ میں حکومتی غفلت سمیت دیگر کیخلاف بلوچستان اسمبلی سے ریلی نکالی گئی تھی اور وزیر اعلیٰ ہاؤس کے سامنے احتجاج کیا گیا تھا۔

شال بقیہ 2

کے اجلاس کے بعد میڈیا کو بریفنگ دیتے ہوئے وزیر منصوبہ بندی نے کہا کہ ماہرین بتا رہے ہیں کہ ملک بھر کورونا کے ڈیڑھ لاکھ کیسز سامنے آئے ہیں جون کے آخر تک یہی تعداد 3 لاکھ تک پہنچنے کا خدشہ ہے اور اگر عوام نے احتیاطی تدابیر اور ایس او پیز پر عملدرآمد نہ کیا تو کورونا مریضوں کی تعداد دگنی ہو کر جولائی کے آخر تک 10 سے 12 لاکھ تک پہنچ سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام سے بار بار اپیل کرتا ہوں کہ احتیاطی تدابیر پر عمل کریں احتیاطی تدابیر پر عمل کر کے ہی اس وباء سے بچا جا سکتا ہے جتنی احتیاطی تدابیر اختیار کریں گے اتنا ہی اس وباء کا پھیلاؤ کم ہوگا۔ عوام ماسک، سینیٹائزر اور سماجی دوری کو اپنے اوپر لازم کر لیں تاکہ کیسز میں اضافہ نہ ہو۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے اس وباء سے لڑنے کے ساتھ ساتھ معیشت اور روزگار کا پہیہ بھی چلانا ہے ایس او پیز کی خلاف ورزی پر کاروبار بھی بند کیا جا سکتا ہے۔

شال بقیہ 3

جبری لیپلے جاری کئے گئے نغمے سے متعلق اپنے ایک ٹویٹ میں صدر مملکت نے نغمے کشمیر میرا نام ہے کو شیئر کرتے ہوئے ترکی کا شکریہ ادا کیا ہے اور کہا کہ اس نغمے کو دیکھا جائے اور شیئر کیا جائے۔ اس نغمے میں کشمیریوں پر بھارتی مظالم، کشمیریوں کی جدوجہد آزادی اور ان کی قربانیوں کو اجاگر کیا گیا ہے۔ س نغمے کو ترکی کے ترنگے ایوران نے لکھا ہے اور ڈیلا بالمکس نے گایا ہے۔ اس نغمے کی تیاری میں ترکی کی پارلیمنٹ کے رکن ایاز صوکو نے اہم کردار ادا کیا ہے۔

شال بقیہ 4

سب سے زیادہ متاثر ہوگا، معاشی اصلاحات پر کام جاری ہے، حکومت ریگولیٹری رجیم میں بھی بہتری لا رہی ہے، سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن کی کارکردگی میں بہتری لائی جا رہی ہے، ٹیکس وصولیوں میں سختی لانے سے متعلق سوال پر انہوں نے کہا کہ حکومت مراعات اور ترغیبات کے ذریعہ ٹیکس وصولیوں اور ٹیکس کے دائرہ کار میں وسعت لانے کیلئے کام کر رہی ہے۔ اتوار کو یہاں نٹ شیلز آن لائن کانفرنس میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت کو آغاز سے مشکل اقتصادی صورتحال کا سامنا تھا جس کی وجہ سے پاکستان نے آئی ایم ایف سے معاونت حاصل کرنے کا فیصلہ کیا، حکومت نے مشکل اقتصادی فیصلے کئے جس کے اچھے اثرات سامنے آئے، ان اقدامات کی وجہ سے حسابات جاریہ کا خسارہ 20 ارب روپے سے کم ہو کر 3 ارب کی سطح پر لایا گیا، ایکسچینج ریٹ کو مارکیٹ کی حرکیات اور حقائق کے مطابق بنایا گیا، ٹیکل مرجیہ پرائمری بیلنس سرپلس ہو گیا ہے یعنی کی آمدنی کے مقابلے میں ہمارے اخراجات کم رہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے اپنے اخراجات میں کمی کی، حکومت نے کوئی ضمنی گرانٹ جاری نہیں کی، سٹیٹ بنک سے قرضہ نہ لینے کی پالیسی اپنائی گئی، حکومت نے برآمدات میں اضافہ پر توجہ دی جس کے نتیجہ میں برآمدات، جس میں گزشتہ حکومت کے پانچ سالوں میں صفر فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا، میں اضافہ کا رجحان دیکھنے میں آیا، حکومت کی کوششوں سے محصولات میں 17 فیصد اضافہ ہوا، امپورٹ کی حوصلہ شکنی کی وجہ سے حکومت کو درآمد پر ٹیکسوں میں آمدنی میں کمی کا سامنا کرنا پڑا ہے، اگر امپورٹ پر ٹیکسوں کو شامل کیا جائے تو محصولات اکٹھا کرنے کی شرح 27 فیصد بنتی ہے، حکومت نے برآمدات میں اضافہ کیلئے اقدامات کے تحت ری فنڈ زکی مد میں 253 ارب روپے کی ادائیگی کی ہے جو ایک ریکارڈ ہے، بین الاقوامی مالیاتی فنڈ، موڈیز، بلوم برگ اور دیگر بین الاقوامی اداروں نے پاکستان کی اقتصادی پالیسیوں کو سراہا، پاکستان سٹاک ایکسچینج نے دنیا کی تیزی سے ترقی کرتی ہوئی مارکیٹ کا اعزاز حاصل کیا، حکومت نے معاشرے کے غریب اور کمزور طبقات کیلئے مختص بجٹ کو 100 ارب سے بڑھا کر 192 ارب کر دیا، حکومت کے سماجی تحفظ کا پروگرام ہر قسم کی سیاسی، مذہبی اور علاقائی وابستگی سے بالاتر اور شفاف ہے۔ ڈاکٹر عبدالحفیظ شیخ نے کہا کہ کورونا وائرس کی عالمگیر وبا نے سب کچھ تبدیل کیا۔

شال بقیہ 5

کے ذریعے خاتمہ کرتے تو صورتحال اتنی گمبھیر نہ ہوتی انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال سے اپیل ہے کہ ٹڈی دل کو اگر کنٹرول نہیں کیا گیا اگلے 6 مہینے میں وفاق کی جانب سے امداد نہیں کی گئی تو بلوچستان میں واقعی قحط پڑے گا جس سے بلوچستان کے عوام بھوک سے مر جائینگے بلوچستان کے زمینداروں کو بڑے پیمانے پر نقصانات ہوئے ہیں قحط سالی سے اکثر زمیندار نقل مکانی کر کے بلوچستان چھوڑ کر چلے گئے ہیں حکومت بلوچستان آنے والے بجٹ میں زمینداروں کیلئے خصوصی پیکج کا اعلان کریں اگر نہیں کیا گیا تو ان کی زندگی گزر بسر مشکل ہو جائے گی تعلیم اور صحت ہماری ترجیح ہونی چاہیے اگر بچوں کے 6 مہینے تعلیم ضائع ہوا ہے یہ مستقبل کے معمار زندہ رہیں گے تو انشاء اللہ وہ کمی اگلے سال بھی پوری ہو جائیگی انہوں نے کہا کہ مگر چند پرائیویٹ اسکولز میں ان سے گزارش ہے آپ جس مذہب ایک عظیم پیشے سے تعلق رکھتے ہیں تو آپ کو تعلیم کا زیادہ احساس ہونا چاہیے اکثر پرائیویٹ اسکولز اخبارات میں بیانات دیتے ہیں کہ اسکول کھولیں گے ہمارے بچے ہمارے لئے پیارے ہیں ایسا نہیں ہوگا کہ آپ اسکول کھولیں گے اور ہم دیکھتے ہی رہیں گے ایسا نہیں ہوگا اسکول بند ہی رہیں گے۔

شال بقیہ 6

نے نظام زندگی کو مفلوج کر کے رکھ دیا ہے، ہماری کوشش ہے کہ اس وباء کے پھیلاؤ کو روکنے کے ساتھ ساتھ غربت، بیروزگاری اور بھوک سے نمٹنے کیلئے اپنی تمام تر توانائیاں صرف کریں۔ اس وجہ سے وزیر اعظم عمران خان نے، کورونا وباء کے باعث معاشی وسائل میں شدید کمی کے باوجود، حالیہ بجٹ میں کسی نئے ٹیکس کا اضافہ نہیں کیا تاکہ غریب طبقے پر کسی قسم کا اضافی بوجھ نہ پڑے۔ کورونا وبا رونما ہونے سے پہلے کے اعداد و شمار سب آپ کے سامنے ہیں معیشت کے تمام اشاریے مثبت سمت میں جا رہے تھے اور پھر باقی دنیا کے ساتھ ساتھ اس وبا نے ہمیں بھی اپنی لپیٹ میں لے لیا اور معاشی سرگرمیاں ٹھپ کا شکار ہو گئیں، ہم، اپنی تمام تر توانائیاں اور وسائل بروئے کار لاتے ہوئے اس وباء سے نمٹنے کیلئے کوشاں ہیں۔

شال بقیہ 7

سے تجاوز کر گئی۔ این سی او سی کے مطابق پنجاب میں کورونا کیسز کی تعداد 52601 ہو گئی، سندھ میں کورونا کے 51518، خیبر پختونخوا میں 17450 کیسز رپورٹ ہوئے۔ این سی او سی کے مطابق بلوچستان میں 8028، اسلام آباد میں کورونا کیسز 7934 ہو گئے، گلگت میں کورونا کیسز کی مجموعی تعداد 1095، آزاد کشمیر میں 604 ہو گئی۔ این سی او سی کے مطابق کورونا کے 51 ہزار 735 مریض مکمل صحتیاب ہو گئے۔ این سی او سی کے مطابق چوبیس گھنٹوں میں سب سے زیادہ 29546 کورونا ٹیسٹ کیے گئے، ملک بھر میں ایک لاکھ 68 ہزار سے زائد کورونا ٹیسٹ کئے جا چکے ہیں، ملک بھر میں 820 اسپتالوں میں کورونا کے 8437 مریض زیر علاج۔

شال بقیہ 8

اتوار کو اپنے بیان میں شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) نے اپنے دور میں ہر سال سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ کیا اور انہیں ہاؤسنگ الاؤنسز کے علاوہ دیگر مراعات فراہم کیں۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری ملازمین بالخصوص کم سکیل کے ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ نہ کرنا ناقابل قبول ہے۔ اپوزیشن لیڈر نے کہا کہ مہنگائی ہر حد پار کر چکی ہے۔

شال بقیہ 9

جبری لیپلے جاری کئے گئے نغمے سے متعلق اپنے ایک ٹویٹ میں صدر مملکت نے نغمے کشمیر میرا نام ہے کو شیئر کرتے ہوئے ترکی کا شکریہ ادا کیا ہے اور کہا کہ اس نغمے کو دیکھا جائے اور شیئر کیا جائے۔ اس نغمے میں کشمیریوں پر بھارتی مظالم، کشمیریوں کی جدوجہد آزادی اور ان کی قربانیوں کو اجاگر کیا گیا ہے۔ س نغمے کو ترکی کے ترنگے ایوران نے لکھا ہے اور ڈیلا بالمکس نے گایا ہے۔ اس نغمے کی تیاری میں ترکی کی پارلیمنٹ کے رکن ایاز صوکو نے اہم کردار ادا کیا ہے۔

شال بقیہ 10

ملازمین کیساتھ ہوں، اگلے سیشن میں آواز اٹھاؤنگا۔ سینیٹر رحمان ملک نے کہا کہ سرکاری ملازمین کے لئے کوئی ریلیف اس بجٹ میں فراہم نہیں کیا گیا ہے، حکومت سے اپیل ہے کہ سرکاری ملازمین کے لئے ریلیف دینے کا اعلان کردیں۔ سینیٹر رحمان ملک نے کہا کہ اس مہنگائی میں سرکاری ملازمین کیسے گیس، بجلی، پانی و دیگر یوٹیلٹی بلز برداشت کر سکے گے؟ اس کمر توڑ مہنگائی میں چینی، آٹا، ادویات و دیگر اشیائے روزمرہ خریدنا مشکل ہو گیا ہے، سرکاری ملازمین کے لیے بجٹ میں خصوصی ریلیف کا معاملہ سینیٹ میں اٹھاؤنگا۔

شال بقیہ 11

اتفاق ہیں، فیصلہ سازی میں شامل کیا جانا چاہیے۔ مشیر پارلیمانی امور ڈاکٹر بابر اعوان نے اس موقع پر کہا کہ اوورسیز پاکستانیوں کے دیرینہ مطالبے کو بہت جلد پورا کرنے جا رہے ہیں، متعلقہ وزارت اور اداروں سے مشاورت مکمل کر لی ہے، بہت جلد قانون سازی کے لئے پارلیمنٹ میں تجاویز پیش کریں گے، آپ نے ہمیشہ اوورسیز پاکستانیوں کے کاز کے لئے جدوجہد کی، بحیثیت صدر آپ پارلیمنٹ کا حصہ ہیں، اس معاملے میں پارلیمنٹ کی رہنمائی کریں۔ پارلیمنٹ کے سیشن سے صدر کے خطاب پر اظہار تشکر کی قرارداد پر بھی گفتگو کی گئی۔ صدر مملکت نے پارلیمانی معاملات شفاف انداز میں چلانے کے عمل کو سراہا۔

شال بقیہ 12

اختر بلوچ ڈپٹی ڈائریکٹر ڈاکٹر بہاول الحق، ڈپٹی ڈائریکٹر لوجسٹک ڈاکٹر نعیم بھی موجود تھے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر محمد خان لہڑی احسان خیل نے کہا کہ ملک میں بے روزگاری کے خاتمے اور لوگوں کو اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے کے لئے وزیر اعظم کا نہایت ہی احسن اقدام ہے جس کی بدولت عوام کو گھر بیٹھے زرعیہ معاش میسر آئے گا انھوں نے کہا کہ لائیو اسٹاک کی جانب سے صوبے کے تمام ڈویژن میں اسکیم جاری ہے ہم اس کو سراہتے ہیں اختر میں پروجیکٹ ڈائریکٹر کامران اختر نے تمام مہمانوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ محدود وسائل کے باوجود عوام کی خدمت میں ہمیشہ پیش پیش ہے۔

شال بقیہ 13

مرکزی صدر شکر خان رئیسانی، وڈیرہ اور دیگر نے بلوچستان کیپ آکر پی امیڈیکل اسٹاف ایسوسی ایشن کے رہنماؤں وڈیرہ محمد شریف کھیتران، محمد انور محمد شہبی، عزیز احمد بلوچ، حاجی ناصر بلوچ، عبدالحلی کھیتران، پیرامیڈیکل اسٹاف ایسوسی ایشن سول ہسپتال کے صدر شفا میڈیکل صاحب جان کاکڑ اور دیگر سے اظہار یکجہتی کیا۔ اس موقع پر بات چیت کرتے ہوئے غلام نبی مری نے کہا کہ محکمہ صحت کے حکام بالا کی بے حسی کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ فرنٹ لائن پر خدمت سرانجام دینے والے پی امیڈیکل اسٹاف ایسوسی ایشن سول ہسپتال کوئٹہ کے عہدیداروں کی بلاوجہ معطلی، بلوچستان ممبران کے خلاف انتقامی کارروائیوں کے ذریعے تبادلے اور عہدیداروں کے خلاف ایف آئی آر درج کرنا محکمہ صحت کی نااہلی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ انہوں نے پی امیڈیکل اسٹاف ایسوسی ایشن بلوچستان کے حل طلب مسائل کی حمایت کرتے ہوئے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔ کلرک ایسوسی ایشن پی ایچ ای یونٹ کے صدر حضرت علی، عبدالغفور زہری، پاکستان کلرک ایسوسی ایشن اینڈ ٹیکنیکل اسٹاف کے مرکزی صدر شکر خان رئیسانی نے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ صحت پی امیڈیکل ایسوسی ایشن کے مسائل حل کرنے کی بجائے لیت و لعل سے کام کرنے کی مذمت کرتے ہیں اور پی امیڈیکل اسٹاف ایسوسی ایشن کو ہر قسم کے تعاون کا یقین دلاتے ہیں۔

شال بقیہ 14

سب سے زیادہ متاثر ہوگا، معاشی اصلاحات پر کام جاری ہے، حکومت ریگولیٹری رجیم میں بھی بہتری لا رہی ہے، سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن کی کارکردگی میں بہتری لائی جا رہی ہے، ٹیکس وصولیوں میں سختی لانے سے متعلق سوال پر انہوں نے کہا کہ حکومت مراعات اور ترغیبات کے ذریعہ ٹیکس وصولیوں اور ٹیکس کے دائرہ کار میں وسعت لانے کیلئے کام کر رہی ہے۔ اتوار کو یہاں نٹ شیلز آن لائن کانفرنس میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت کو آغاز سے مشکل اقتصادی صورتحال کا سامنا تھا جس کی وجہ سے پاکستان نے آئی ایم ایف سے معاونت حاصل کرنے کا فیصلہ کیا، حکومت نے مشکل اقتصادی فیصلے کئے جس کے اچھے اثرات سامنے آئے، ان اقدامات کی وجہ سے حسابات جاریہ کا خسارہ 20 ارب روپے سے کم ہو کر 3 ارب کی سطح پر لایا گیا، ایکسچینج ریٹ کو مارکیٹ کی حرکیات اور حقائق کے مطابق بنایا گیا، ٹیکل مرجیہ پرائمری بیلنس سرپلس ہو گیا ہے یعنی کی آمدنی کے مقابلے میں ہمارے اخراجات کم رہے۔

شال بقیہ 15

پورے نہ ہو سکے جس کی وجہ سے ہمیں 900 ارب روپے کا نقصان ہوا، صورتحال آہستہ آہستہ جب بہتر ہوگی تو ہم 4 ہزار 800 ارب روپے کا ٹارگٹ حاصل کر لیں گے۔ حماد اظہر نے کہا کہ پاکستان کے پاس معیشت کا پہیہ چلانے کے سوا اور کوئی آپشن نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ بے روزگار افراد کا ڈیٹا ابھی تک اپ ڈیٹ نہیں ہوا اس پر کام کر رہے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ امریکا میں بھی کورونا سے لاکھوں افراد بے روزگار ہوئے ہیں، لاک ڈاؤن لمبے کو وہ معیشت نہیں چلی تھی جو عمران خان کو ملی۔

شال بقیہ 16

ترجمان نے کہا کہ جب سے کورونا وائرس کی وباء پاکستان میں آئی ہے ہزاروں کی تعداد میں مریض سرکاری ہسپتالوں میں آ رہے ہیں جن کا ڈاکٹرز اور پی امیڈیکل اسٹاف بلا تفریق علاج اور انکی خدمت کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ صحت بلوچستان کی جانب سے ڈاکٹروں کو طبی آلات، حفاظتی کٹس کے علاوہ سرکاری ہسپتالوں میں بہتر سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں تاکہ یہاں علاج کیلئے آنے والے مریضوں کو بیماری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ ترجمان نے کہا کہ کوئٹہ سمیت صوبے کے تمام سرکاری ہسپتالوں میں ڈاکٹرز اور پی امیڈیکل اسٹاف اپنی جانوں کی پرواہ کئے بغیر مریضوں کا علاج معالجہ کر رہے ہیں اپنے فرائض کی ادائیگی کے دوران کئی ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکس جام شہادت نوش کر چکے ہیں اور درجنوں کورونا وائرس سے متاثر ہوئے ہیں۔

شال بقیہ 17

کووڈ-19 کے ٹیسٹ کرنے کی صلاحیت میں اضافہ ہوا ہے اور شدید اور دیگر قریبی اضلاع کے عوام کو کورونا وائرس ٹیسٹ کرانے کی سہولت میسر ہوگی۔

شال بقیہ 18

50 فیصد ملازمین کو روسٹرین کی بنیاد پر بلایا جائے۔ ٹیلیفیشن کے مطابق دفاتر میں ایس او پیز پر سختی سے عملدرآمد کروایا جائے۔ ٹیلیفیشن کے مطابق جن ملازمین میں بیماری کی علامات ہوں وہ گھر سے کام کریں۔ ٹیلیفیشن کے مطابق اگر قرنطینہ کے لئے کسی کو چھٹی درکار ہے تو وہ کورونا پازیٹو کی ٹیسٹ رپورٹ دکھائے۔ ٹیلیفیشن کے مطابق سرکاری اداروں میں وزیٹرز کے داخلے پر پابندی عائد کی جائے۔ ٹیلیفیشن کے مطابق مالیت کی منشیات عدالتی حکم کے بعد تلف کیے گئے تلف کئے جانیوالے منشیات میں چرس، افیون، ہیروئن اور شراب شامل ہیں تفصیلات کے مطابق رواں سال کے دوران محکمہ پولیس کی جانب سے مختلف کارروائیوں کے دوران پکڑی گئی منشیات کے درج مقدمات کا عدالت سے فیصلے ہونے کے بعد مقامی عدالت کے حکم پر ان فیصلہ شدہ مقدمات کا مال مقدمہ جن میں چرس، افیون، ہیروئن اور شراب شامل ہیں تلف کر دیئے گئے ہیں۔

شال بقیہ 19

رہے ہیں 2018 کی الیکشن کے بعد پنجگور مثل لاوارث اور تنہا محسوس کر رہے ہے پنجگور کے نمائندے اپنی سیکیشن عوامی رائے کے برخلاف نمائندگی سے اتنی خاموشی اختیار کر چکے ہیں اگلی لیوں پر معصوم لوگوں کی قتل عام اغوا اور لوٹ کھسوٹ پر اف تک نہیں نکل سکتی ہے انہوں نے کہا کہ پنجگور جل رہا ہے قبرستان آباد کرنے میں ہمارے نمائندوں نے اپنا تارگٹ متعین کر رکھا ہے پنجگور انتظامیہ پولیس کا کوئی نام نشان موجود نہیں ہے لیویز سے لیکر پولیس ہر سر اقتدار جماعت کے فیکیہ پر پیچک پوسٹوں سے زیادہ سے زیادہ بھتہ اکٹھا کرنے میں مصروف نظر آتے ہیں۔

شال بقیہ 20

کورونا سے پہلے ہی تباہ ہو چکی تھی حکومت کے اعداد و شمار پر یقین نہیں کیا جا سکتا ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ یہ بجٹ آئی ایف نے بنایا ہے جو آئی ایم ایف نے تارگٹ دیا ہے انہوں نے بجٹ میں ڈالا ہے، کورونا وائرس سے پہلے ہی یہ حکومت ریکارڈ قرضے لے چکی ہے یہ بجٹ نہیں ہے اعداد و شمار کی ہیر پھیر ہے، یہ عوام اور ملک دشمن بجٹ ہے جسے پاکستان پیپلز پارٹی قبول نہیں کرتی۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت کے بجٹ میں سرکاری ملازمین کی تنخواہوں اور پنشن میں اضافہ نہ کر کے نچلے متوسط طبقے کی زندگیاں مزید مشکل بنا دی گئی ہیں حالانکہ افراط زر دس فیصد تک پہنچ چکا ہے، یہ دس فیصد اضافہ کرنے سے بھی قاصر رہے پیپلز پارٹی نے اپنے دور میں عالمی اقتصادی بحران، دہشت گردی کے خلاف جنگ، سیلاب اور زلزلوں کی تباہ کاریوں کا سامنا کرنے کے باوجود سرکاری ملازمین اور پنشنرز کی تنخواہوں میں اضافہ کیا اور ہر سال بجٹ میں سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ کیا جاتا رہا اس وقت افسوس ناک صورت حال یہ ہے کہ ملک میں بتدریج مہنگائی بے روزگاری، غربت اور قحط بازاری میں اضافہ ہو رہا ہے بجٹ میں امیروں پر ٹیکس نہیں لگائے گئے صرف غریبوں پر بوجھ ڈالا گیا ہے۔

شال بقیہ 21

مشکلات سے دوچار ہے نئی ماہ سے ماسن اور تھتان بازری دونوں جانب لوگوں کی آمد و رفت بند ہے چمن شہر سے کاروباری لوگ جب کوئٹہ آتے ہیں تو جگہ جگہ چیک پوسٹوں پر چیکنگ کے نام پر عوام کو تنگ کیا جاتا ہے تاجراروں کے دیشتر کنٹینر کراچی میں کھڑے ہے جس سے تاجراروں کے کروڑوں روپوں کا نقصان ہوتا ہے افغان ٹریڈ عام ٹرانسپورٹ این ایل سی میں کروڑوں روپوں ڈیمرج کی مد میں لیتے ہے اور جو سامان وہاں پر پڑے ہیں وہ جلدی خراب ہوتے ہے جس سے تاجراروں کو نقصانات ہوتا ہے ملک بھر میں کورونا میں نرمی کے بعد کیا جواز بنا تا ہے کہ چمن اور تھتان بازار کی بندش ہو بازار کھولنا چاہتے تاکہ کاروباری سرگرمیاں شروع ہو جائے اور لوگ دونوں طرف سے کام کر سکے اور بیمار مریضوں اور بلا عمر کے لوگوں اور بچوں کی آمد و رفت شروع ہو جائے آگر اسی طرح بازار بند رہے تو لوگ چوری اور دیگر کاموں میں سرگرم ہو جائیں گے تو اس کی ذمہ دار موجودہ حکومت ہوگی اور چمن میں جو احتجاج ہو رہا مرکزی انجمن تاجران بلوچستان ان کے ساتھ کھڑے ہیں اور ہر وقت ان کا ساتھ دیں گے اور چمن اور تھتان بازار اگر نہیں کھولا گیا تو پورے بحر میں احتجاج کا اعلان کریں گے۔

شال بقیہ 22

حکومت بلوچستان وسیع تر اقدامات کو یقینی بنانے کی ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم عوام کے تعاون کے بغیر کوئی بھی کامیابی سمیٹ نہیں سکتے دکانداران کاروباری حضرات ایس او پیز پر مکمل طور عملدرآمد کو یقینی بنائیں اسی میں ہم سب کی کامیابی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے کاروائی کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر ڈیرہ مراد جمالی غلام حسین بھنگر تحصیلدار ڈیرہ مراد جمالی بہادر خان کھوسہ، ایس ایچ او سٹی سکندر سعید عمرانی بھی موجود تھے ڈپٹی کمشنر نصیر آباد حافظ محمد قاسم کاکڑ نے کہا کہ وزیر اعلیٰ، چیف سیکرٹری بلوچستان اور کمشنر نصیر آباد عابد سلیم قریشی کی خصوصی ہدایت پر ماسک، سینیٹائزر کے استعمال پر سختی سے عمل درآمد کروایا جا رہا ہے تاکہ اس مہلک وبا کا تدارک کیا جا سکے انہوں نے کہا کہ حکومت نے کاروباری اور تجارتی افراد کی مالی معاونت کیلئے لاک ڈاؤن میں نرمی کی ہے مگر حکومت نے کورونا وائرس سے بچاؤ کے متعلق ایس او پیز بھی واضح کی ہیں جس پر عملدرآمد کرنا ہم سب کی ذمہ داری ہے ڈیرہ مراد جمالی کی عوام اور تاجر برادری کی جانب سے ایس او پیز پر مکمل عملدرآمد کیا جا رہا ہے جس سے کورونا وائرس کو پھیلاؤ میں روکا جا رہی ہے ہم کسی صورت ایس او پیز پر عملدرآمد نہ کرنے والوں کو ہرگز نہیں بخشیں گے ایسے افراد کے خلاف بلا امتیاز کاروائی کا سلسلہ مستقبل قریب میں بھی جاری رکھیں گے انہوں نے تمام کاروباری حضرات کو احکامات دیتے ہوئے کہا کہ کورونا وائرس سے بچاؤ کیلئے حکومتی ایس او پیز پر مکمل طور پر عملدرآمد کیا جائے ماسک سینیٹائزر کے استعمال کو یقینی بنائیں اپنے دکانوں پر آنے والے گاہکوں کا رش ہونے نہیں دیں اور انہیں سینیٹائزر کا استعمال کروائیں تاکہ اس موذی وائرس سے بچاؤ یقینی بنایا جا سکے۔

شال بقیہ 23

کے نام اہل ملتی محمد اصل قبائلی رہنما سردار محمد اقبال بگٹی صاحب سمیت بڑی تعداد میں علماء اکرام اور سول سوسائٹی اور مختلف شعبہ جات کے افراد نے شرکت کی یادرہے۔ دریں اثناء تعزیتی اجتماع سے جمعیت علمائے اسلام بلوچستان کے صوبائی شوریٰ کے صوبائی خطیب حضرت مولانا قاری انوار الحق حقانی جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے ضلعی شوریٰ کے رکن پیر طریقت مولانا مفتی سیف الرحمن مولانا محمد ابراہیم جمعیت علمائے اسلام ضلع کوئٹہ کے سکرٹری اطلاعات حافظ عبدالحق شہزاد معاون سکرٹری اطلاعات مولانا محمد طاہر توحیدی مولانا محمود ذاکری عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت کے صوبائی مبلغ مولانا محمد اویس عالمی مجلس تحفظ ختم نبوت بلوچستان کے جنرل سیکرٹری حامی خلیل الرحمٰن نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ شہید کی موت قوم کی حیات ہے افغانستان میں انگریز مسلمانوں پر بدترین ظلم کر رہے ہیں مسلمانوں کے تنگ و ناموس کو تار تار کر رہے ہیں ہمارے نوجوان نسل دین اسلام کی سربلندی حفاظت اور تنگ و ناموس کی حفاظت کے لئے اپنے جانوں کے نذرانے پیش کرتے ہیں انہوں نے کہا کہ اسلامی ممالک کا دفاع جہاد ہی سے ممکن ہے ایسے محمد اورکزئی کے گھرانے ظلم کی نہیں بلکہ مبارکباد کی مستحق ہیں ان محمد اورکزئی کچھ مسلسل اور بے پناہ قربانیوں کا ثمرہ ہیں کہ افغانستان کی سرزمین پر مجاہدین فاتح ہوئے ہیں محمد اورکزئی کے خون کی بدولت ہمارے مدارس دینیہ قرآن اور ہمارے بچیاں محفوظ ہیں ان قربانیوں کے ثمرات سے افغانستان پر غیر ملکی اشغال گروں کے عرصہ دراز کے ظلم عظیم کا خاتمہ ہو گیا ہے۔

شال بقیہ 24

لانڈرنگ کیس میں سلمان شہباز کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کر دیئے ہیں۔ سلمان شہباز کو اشتہار یوں کے ذریعے گرفتار کروایا جائے گا۔ سلمان شہباز کی وطن واپسی کے لئے برطانیہ سے بھی ہر ممکن معاونت لی جائے گی۔ سلمان شہباز کی پاکستان واپسی کے لئے برطانوی نیشنل کرائم ایجنسی کو بھی درخواست کی جائے گی۔ واضح رہے کہ نیب کی درخواست پر لاہور کی احتساب عدالت نے شریف خاندان کے خلاف منی لانڈرنگ کیس میں سلمان شہباز کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کئے تھے۔

شال بقیہ 25

افراد زخمی۔ لیویز کے مطابق اتوار کو لورالائی کے علاقے اوبارہ میں اسول کے مقام پر ہائی ایس جیپ سے گاڑی الٹ گئی جس کے نتیجے میں لیفٹیننٹ کرنل، شہید میجر جنکہ میجر شہباز اور سپاہی نواز شدید زخمی ہو گئے لیویز نے لاش اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا جہاں ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد زخمیوں کو کراچی منتقل کر دیا گیا ہے مزید کارروائی جاری ہے۔

شال بقیہ 26

ہو سکتے، بجٹ کے اعداد و شمار بھی اہمیت کے حامل نہیں رہے کیونکہ انہیں پیش کرنے میں غلط بیانی اور مبالغہ آرائی سے کام لیا جاتا ہے اپنے معاشی فیصلے دوسروں کے حوالے کرنے کا نتیجہ یہ ہے۔

شال بقیہ 35

کرتے ہوئے کیا مولانا عبدالواسع نے کہا کہ بلوچستان میں بدقسمتی سے پہلے ہی بے روزگاری بڑھ گئی تھی صوبائی حکومت نے عوام سے تبدیلی کے نام پر ووٹ لیا تھا لیکن جو وعدے کئے تھے اس کو وفاق نہ کر سکا انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت کا اتحادی جماعت ہونے کے باوجود صوبے کی لوڈ شیڈنگ کا مسئلہ جوں کے توں ہے جس کی وجہ سے زمینداروں اور عوام کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے حکومت عوام کو ریلیف دینے کی بجائے سیاسی انتقام پر مبنی اقدامات اٹھا رہی ہے اپوزیشن حلقوں کے فنڈز غیر منتخب لوگوں کے ذریعے خرچ کی جا رہی ہے جس کی وجہ سے سیاسی صورتحال غیر واضح ہو رہی ہے انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت وفاق سے تو فنڈز نہ لے سکی اور ترقیاتی منصوبے کے حوالے سے ان کے دعوے، دعوے ہی رہ گئے ہیں صوبائی حکومت کی نااہلی کی وجہ سے وفاق کی جانب سے پی ایس ڈی پی میں صوبے کیلئے کوئی نیا منصوبہ شامل نہیں انہوں نے کہا کہ اپوزیشن جماعتوں نے عوامی مسائل کے حل کیلئے حکومت پر دباؤ ڈالنے کیلئے احتجاجی تحریک شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

شال بقیہ 36

پرسن ڈاکٹر احمد ولی نے اتوار کو صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے بتائی۔ انہوں نے کہا کہ سیکرٹری صحت بلوچستان دوستین خان جمالدینی کی خصوصی ہدایت پر خضدار نیچنگ ہسپتال میں قائم ٹی بی لیبارٹری میں کورونا وائرس پی سی آر ٹیسٹ کا آغاز کر دیا گیا ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان جام کمال خان کی خصوصی دلچسپی اور ہدایت پر سیکرٹری صحت دوستین خان جمالدینی نے صوبے میں لیبارٹریز کی ٹیسٹنگ گنجائش اور معیار کو مزید بہتر بنانے کے احکامات جاری کئے تھے خضدار نیچنگ ہسپتال میں کورونا لیب اس کی پہلی کڑی ہے جو کوئٹہ کے بعد دوسری لیبارٹری ہے۔

شال بقیہ 37

سے آگاہ کر دیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق اس وقت سعودی حکام کے سامنے حج 2020 کے حوالے سے مختلف آپشنز زیر غور ہیں اور کووڈ 19 کی وجہ سے سعودی حکام حج آپریشن کرانے یا نہ کرانے کے حوالے سے ورلڈ ہیلتھ آرگنائزیشن کی ہدایات پر بھی عمل درآمد کرانے کو خصوصی ترجیح دے رہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق پوری دنیا سے 23 سے 25 لاکھ سے زائد افراد فریضہ حج کی ادائیگی کیلئے ہر سال سعودی عرب جاتے ہیں تاہم کوو

پشتون بیلٹ کیلئے وفاق سے تاریخ میں پہلی بار میگا پروجیکٹ منظور کرائے ہیں، نور محمد

تاریخ میں پہلی بار وفاق سے بلوچستان کے پشتون اضلاع کیلئے بڑے اور اربوں روپوں کے میگا پروجیکٹ منظور کرائے ہے

کرونا وائرس کی عالمی وباء اور ملک شدید معاشی مشکلات کے باوجود بھی وفاق نے بہترین وفاقی بجٹ پیش کیا گیا ہے، صوبائی وزیر

کوئٹہ، نواب آیاز خان جوگیزئی سردار یعقوب ناصر سے مرحوم سردار محمد ناصر کے انتقال پر تعزیت کر رہے ہیں

ہرنائی (آن لائن) بی اے پی کے مرکزی رہنماء صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے پشتون قوم پرست جماعت کے صوبائی صدر و سینیٹر عثمان خان کاکڑ کے بیان پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ عثمان کاکڑ کا بیان پشتون دوستی نہیں بلکہ پشتون دشمنی پر مبنی ہے تاریخ میں پہلی بار وفاق سے بلوچستان کے پشتون اضلاع کیلئے بڑے اور اربوں روپوں کے میگا پروجیکٹ منظور کرائے ہے جو کہ تمام نہاد اور مسترد شدہ ان قوم دشمنوں کیلئے منہ پر ایک طمانچہ ہے پشتون قوم پرست کے جماعت کے صوبائی صدر یہ بات قوم کو واضح کرادے کہ آیا بلوچ، پشتون، بروہی لائی وکی، ہرنائی زیارت، موسیٰ خیل کے اضلاع پشتون قوم کے اضلاع بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

وائرس سے آج ہزاروں کی تعداد میں لوگ اس وائرس سے متاثر ہو رہے ہیں، آسیہ ناصر

پاکستان پارٹنر شپ اور پاکستان کرچن فورم کے خاندان 100 خاندانوں میں فی کس 10 ہزار روپے تقسیم کئے جا رہے ہیں

سلیکٹڈ حکمرانوں نے پاکستان میں کورونا وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے کیلئے بروقت اقدامات نہیں اٹھائے، جمعیت کی سابق رکن اسمبلی

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کی سابق رکن قومی اسمبلی و پاکستان کرچن فورم کی چیئرپرسن آسیہ ناصر نے کہا ہے کہ کورونا وائرس سے پوری دنیا بری طرح متاثر ہوئی ہے مشکل کی اس گھڑی میں اپنے غریب اور مستحق افراد کو تنہا نہیں چھوڑیں گے عوام کورونا وائرس کے پھیلاؤ کو روکنے کیلئے حفاظتی تدابیر پر عملدرآمد اور گھروں میں خصوصی عبادات کا اہتمام کریں۔ یہ بات انہوں نے اتوار کو پاکستان پارٹنر شپ انٹیگریٹیو کے خاندان سے 100 گھرانوں میں نقد رقم تقسیم کرنے کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

تحصیلدار عبدالصمد مری نے ایس ایچ او ٹی میر حق نواز حسنی کے ہمراہ شہر کا اچانک دورہ کیا ہے

کوہلو (ن ح ن) ڈپٹی کمشنر کوہلو عبداللہ کھوسہ کی خصوصی ہدایت پر تحصیلدار عبدالصمد مری نے ایس ایچ او ٹی میر حق نواز حسنی کے ہمراہ شہر کا اچانک دورہ کیا ہے اور سمارٹ لاک ڈاؤن میں فرانسپورٹ، دوکانوں ایس او پیز کا جائزہ لیا ضلعی انتظامیہ نے متعدد دوکانوں اور فرانسپورٹ اڈوں کو ایس او پیز کی خلاف ورزی پر بھاری جرمانے عائد کئے ہیں جبکہ کئی بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر

حکومت کا بجٹ معاشی بدحالی اور بے روزگاری کا سونامی ہے

سراج الحق

بجٹ کے اعداد و شمار کا زمینی حقائق سے کوئی تعلق نہیں ہے، موجودہ حکومت کے آنے کے بعد ملکی معیشت اور عوام کی حالت زار مزید خراب ہوگئی ہے

کراچی کو میگا سٹی کا درجہ دے کر مکمل اختیارات اور وسائل دیے جائیں، کورونا کی وبا تو صرف ایک بہانہ ہے، امیر جماعت اسلامی

کراچی (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان سینیٹر سراج الحق نے کہا ہے کہ کورونا وائرس کی وبا میں کراچی پر بڑا وار ہا ہے، کراچی کو میگا سٹی کا درجہ دے کر مکمل اختیارات اور وسائل دیے جائیں تاکہ کورونا کی وبا اور دیگر مسائل حل کیے جا سکیں، وفاقی و صوبائی حکومتوں کا ایک موقف نہ ہونے کی وجہ سے کورونا کو قابو اور عوام کو نقصان ہو رہا ہے، ایک لاک ڈاؤن حکومتی وزرا کی زبانوں پر بھی لگنا چاہیے جنہوں نے کورونا کو بھی سیاست زدہ کر دیا ہے، کورونا وائرس کے بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

نصیر آباد، ڈپٹی کمشنر حافظ محمد قاسم کا کرائس او پیز پر عمل درآمد نہ کرنے والے دوکانداروں کے خلاف کارروائی کر رہے ہیں

سرکاری ملازمین کے تنخواہوں کو نہ بڑھانے کے فیصلے پر غور کرے اور ایچ ڈی پارلیمنٹ کے تنخواہوں کا تفریق ختم کرے، سنان محمد مینگل

پورے ملک بھر سے آل پاکستان کلاس فور ریسیوی ایشن آل تنخواہوں کے پیکیج فارم سے احتجاج کیا جائے گا، آل پاکستان کلاس فور ریسیوی ایشن

نصیر آباد (این این آئی) آل پاکستان کلاس فور ریسیوی ایشن آل تنخواہات نصیر آباد بلوچستان کے صدر خان محمد مینگل، صوبائی ضلعی جنرل سیکرٹری حسام دین مینگل نے کہا ہے کہ مالی سالانہ بجٹ 21-2020 پیش کیا جس میں سرکاری ملازمین کو آئی ایم ایف کے تنگ نظری کی وجہ سے تنخواہوں کو نہیں بڑھایا کیا گیا بجٹ میں تمام سرکاری ملازمین کو نظر انداز کیا گیا اس بجٹ کو نامنظور کر کے اس کی شدید الفاظوں مذمت کرتے ہے حکومت پاکستان پر زور مطالبہ کرتے ہیں کہ سرکاری ملازمین کے تنخواہوں کو نہ بڑھانے کے فیصلے پر غور کرے اور ایچ ڈی پارلیمنٹ کے تنخواہوں کا تفریق ختم کرے اگر تنخواہوں کو نہیں بڑھایا گیا۔

جنگ بندی کے باوجود افغانستان میں تشدد کے واقعات، 18 افراد ہلاک

عسکریت پسندوں نے چوکی پر حملہ کر کے روس اہلکاروں کو ہلاک کر دیا، الگ حملے میں ایک پولیس ملازم زخمی، ایک لاپتہ

کابل (این این آئی) افغانستان میں عیدالفطر کے ایام میں طالبان اور افغان حکومت کے مابین صلح کا اعلان کیا گیا تھا لیکن جنگ بندی کے باوجود پر تشدد حملوں کا سلسلہ بدستور جاری ہے جس کے نتیجے میں دسیوں افراد ہلاک ہو گئے۔ ملک میں دو الگ الگ حملوں میں کم از کم 18 افراد ہلاک ہو گئے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق مغربی صوبے گور میں ایک مقامی پولیس چیف نے انکشاف کیا کہ طالبان عسکریت پسندوں نے پولیس چوکی پر حملہ کیا اور دس پولیس اہلکاروں کو ہلاک کر دیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاسابند کے ایک گاؤں میں طالبان کے حملے میں ایک پولیس اہلکار زخمی اور ایک لاپتہ ہو گیا۔

کوئٹہ، ہمسفر جھنگوی حاجی رفیق مینگل کے اہلیہ کے تعزیت کے موقع پر ایم پی اے ملک نصیر شاہوانی، قبائلی رہنماء لعل محمد اور دیگر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

کراچی، چڑیا گھر سفاری پارک کے جانوروں کی خوراک کا مسئلہ کھڑا ہو گیا

فنڈز نہ ملے تو خوراک اور ادویات کے مسائل پیدا ہوں گے اور جانوروں کو خوراک اور ادویات کی کمی کا سامنا ہوگا، ڈائریکٹر

کراچی (این این آئی) کورونا وائرس کی وباء کی روک تھام کے لیے کیے گئے لاک ڈاؤن نے انسانوں کے ساتھ کراچی کے چڑیا گھروں اور سفاری پارک میں موجود جانوروں کے لیے بھی مسائل پیدا کر دیئے ہیں۔ چڑیا گھر کے ڈائریکٹر کنزرویٹر کے مطابق فنڈز نہ ملے تو خوراک اور ادویات بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر

پاکستان ورکرز کنفیڈریشن بلوچستان کا اجلاس زیر صدارت عبدالسلام بلوچ منعقد ہوا

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان ورکرز کنفیڈریشن بلوچستان کا اجلاس زیر صدارت عبدالسلام بلوچ منعقد ہوا۔ اجلاس میں کنفیڈریشن کے جنرل سیکرٹری علی بخش جمالی، بی محمد کاکڑ، حسن بلوچ بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر

حج 2020 ہو گا یا نہیں؟ سعودی حکام رواں ہفتے آگاہ کر دیں گے

کئی ممالک نے کورونا کے پیش نظر امسال اپنے حجاج بھجوانے سے معذرت کر لی، ذرائع وزارت مذہبی امور

کورونا سے متعلق ایس او پیز پر سختی سے عمل درآمد کے ساتھ مختلف ممالک کو محدود تعداد میں حج کوٹہ ملنے سمیت مختلف آپشنز پر غور جاری

اسلام آباد (آن لائن) حج 2020 ہو گا یا نہیں؟ سعودی حکام رواں ہفتے پاکستان سمیت پوری دنیا کو آگاہ کر دیں گے، کئی ممالک نے کورونا کے پیش نظر امسال اپنے حجاج کرام کو بھجوانے سے معذرت کر لی ہے، کورونا سے متعلق ایس او پیز پر سختی سے عمل درآمد کے ساتھ مختلف ممالک کو محدود تعداد میں حج کوٹہ ملنے سمیت مختلف آپشنز پر غور جاری ہے۔ سعودی وزارت حج کی جانب سے امسال حج آپریشن سے متعلق رواں ہفتے کے دوران تمام ممالک کو حتمی فیصلے بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

ہرنائی، صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ بی اے پی ضلع ہرنائی کے یونین و میونسپل کمیٹی و سینئر عہدیداروں کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کمشنر سبی ڈویژن سید فیصل احمد کی صدارت میں ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا

جاری ترقیاتی منصوبوں کے معیار میں کسی قسم کی کوتاہی اور غفلت کا مظاہرہ کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا، کمشنر

سبی (ن ح ن) کمشنر سبی ڈویژن سید فیصل احمد کی صدارت میں ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا جس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سبی رحمت اللہ مگسی ڈائریکٹر ترقیات سبی راجہ وقار زمان کیانی اسسٹنٹ کمشنر سبی نقیب اللہ اسسٹنٹ کمشنر سبی عنایت اللہ خان کاسی ڈائریکٹر ہیلتھ سبی ایکس ای این پی ایچ آر بشیر احمد ناصر کے ویڈیو لنک کے ذریعے سبی ڈویژن میں شامل تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنر صاحبان نے شرکت کی اجلاس میں تمام اضلاع میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ سمیت کرونا وائرس سے بچاؤ اور ایس او پیز پر عملدرآمد اور مون سون کی بارشوں سے سیلابی صورتحال پر کنٹرول کے حوالے سے مختلف امور کا تفصیلی جائزہ بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

ڈی سی خضدار سے تحصیل وڈھ تحصیل نال تحصیل زہری کے بے یار و مددگار مسافروں کی اپیل ہے

خضدار (نامہ نگار) زہری ٹو خضدار "وڈھ ٹو خضدار نال ٹو خضدار زہری ٹو خضدار خضدار ٹو سوراب "خضدار ٹو قلات "خضدار ٹو گدر" ویگن مالکان نے مسافروں کیلئے سفر کرنا مشکل بنا دیا ہے اب چونکہ ایرانی ڈیزل 55 روپے اور پاکستانی 80 اور پیٹرول کی قیمتوں میں بھی کافی کمی واقع ہوئی ہے، کرائے بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

غیر منتخب حکومت نے 22 کروڑ عوام پر عالمی مالیاتی ادارے آئی ایم ایف کا مرتب شدہ بجٹ مسلط کیا ہے، حافظ حمد اللہ

سیاست غیر جمہوری قوتوں اور معیشت عالمی مالیاتی اداروں کے ہاتھوں یرغمال ہے، حکمران شہر ویران اور قبرستان آباد کرنے کی ایجنڈہ پر کام کر رہے ہیں، سابق سینیٹر

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنماء و سابق سینیٹر حافظ حمد اللہ نے کہا ہے کہ غیر منتخب حکومت نے 22 کروڑ عوام پر عالمی مالیاتی ادارے آئی ایم ایف کا مرتب شدہ بجٹ مسلط کیا ہے سیاست غیر جمہوری قوتوں اور معیشت عالمی مالیاتی اداروں کے ہاتھوں یرغمال ہے حکمران شہر ویران اور قبرستان آباد کرنے کی ایجنڈہ پر کام کر رہے ہیں کورونا وائرس قدرتی آفت نہیں عالمی بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر

اب سنگت فاؤنڈیشن کے توسط مکران کے عوام ایمبولنس کی سطح پر سہولیات میسر آئیں گی، مفتی محمد آصف بلوچ

تکبر میں غیر حضرات کی کوئی کمی نہیں ہے اگر دور دراز علاقوں کے لیے اپنا حصہ ڈالیں تو بیشتر غریب دیہاتی لوگوں کو ریلیف ملے گا، بیان

پنجگور (این این آئی) پنجگور میں سماجی تنظیم سنگت فاؤنڈیشن کے ضلعی آفس کا افتتاح آل پارٹیز شہری ایکشن کمیٹی کے چیئرمین اور جمعیت علمائے اسلام کے ضلعی امیر حافظ محمد اعظم بلوچ نے فیتہ کاٹ کر کیا پروگرام سے قبل طلوع شعیب نے قرآن پاک کی تلاوت کی سنگت فاؤنڈیشن کے افتتاحی تقریب میں پنجگور کے سیاسی و سماجی شخصیات نے شرکت کی سنگت فاؤنڈیشن کے روح رواں پانی چیئرمین شعیب احمد نے تقریب میں شامل تمام معززین کا شکریہ ادا کیا بقیہ نمبر 65 صفحہ 3 پر

جگہ جگہ گندگی کے باعث تعفن پھیل رہا ہے، جس کی وجہ سے مختلف بیماریاں جنم لے رہی ہیں، عوامی حلقے کا نوٹس لینے کا مطالبہ

میونسپل کمیٹی انتظامیہ کی غفلت صحت پر مبنی گندگی کے ڈھیر میں تبدیل، گلیوں، محلوں میں کچروں کے انبار لگے ہوئے ہیں

صحت پور (این این آئی) میونسپل کمیٹی انتظامیہ کی غفلت صحت پر مبنی گندگی کے ڈھیر میں تبدیل گلیوں، محلوں میں کچروں کے انبار لگے ہوئے ہیں۔ جگہ جگہ گندگی کے باعث تعفن پھیل رہا ہے جس کی وجہ سے مختلف بیماریاں جنم لے رہی ہیں۔ حکومت کی جانب سے لاکھوں روپے صفائی ستھرائی کی مد میں آنے بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

پٹرول کا بحران دانستہ طور پر کیا گیا ہے عالمی منڈی میں تیل کی کوئی قلت نہیں ہے، سید عبدالقادر شاہ

پاکستان کے اندر پمپ مالکان نے پیدا کیا ہوا ہے جو عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنا چاہتے ہیں، نیشنل ڈیموکریٹک پارٹی

نصیر آباد (این این آئی) نیشنل ڈیموکریٹک پارٹی کے سی سی ممبر سید عبدالقادر شاہ نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ پٹرول کا بحران دانستہ طور پر کیا گیا ہے عالمی منڈی میں تیل کی کوئی قلت نہیں ہے یہ پاکستان کے اندر پمپ مالکان نے پیدا کیا ہوا ہے جو عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنا چاہتے ہیں انہوں نے کہا بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

اوتھل، جگ اور جیو نیوز کے ایڈیٹر ایجنٹ میر شکیل الرحمٰن کی گرفتاری کے خلاف اوتھل پریس کلب کی جانب سے احتجاجی ریلی نکالی جا رہی ہے

جگہ جگہ گندگی کے باعث تعفن پھیل رہا ہے، عوامی حلقے کا نوٹس لینے کا مطالبہ

میونسپل کمیٹی انتظامیہ کی غفلت صحت پر مبنی گندگی کے ڈھیر میں تبدیل، گلیوں، محلوں میں کچروں کے انبار لگے ہوئے ہیں

صحت پور (این این آئی) میونسپل کمیٹی انتظامیہ کی غفلت صحت پر مبنی گندگی کے ڈھیر میں تبدیل گلیوں، محلوں میں کچروں کے انبار لگے ہوئے ہیں۔ جگہ جگہ گندگی کے باعث تعفن پھیل رہا ہے جس کی وجہ سے مختلف بیماریاں جنم لے رہی ہیں۔ حکومت کی جانب سے لاکھوں روپے صفائی ستھرائی کی مد میں آنے بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

بنک قمبلے کا چیف آف بنک سردار محمد علی بنک کی سربراہی میں جرگہ، انجیرہ سے بائیکاٹ کا اعلان

خضدار (نامہ نگار) بنک قمبلے کا جرگہ، واقعہ انجیرہ کے خلاف بنک قمبلے نے مسئلے کے حل تک انجیرہ سے بائیکاٹ کا اعلان کر دیا، گو کہ واقعہ بنک قمبلے کے دو گروہوں کے درمیان ہوا تاہم انجیرہ کے عمائدین اس سے مبرا نہیں ہو سکتے ہیں بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

پولیس تھانہ شہید ملک محمد علی کی کارروائی چوری کے مقدمہ میں مطلوب ایک ملزم کو گرفتار کر کے اسلحہ برآمد کر لیا

صحت پور (نامہ نگار) پولیس تھانہ شہید ملک محمد علی کی کارروائی چوری کے مقدمہ میں مطلوب ایک ملزم کو گرفتار کر کے اسلحہ برآمد کر لیا پولیس کے مطابق ڈی آئی جی نصیر آباد شہاب عظیم لہڑی ایس ایس پی صحت پور سردار محمد موسیٰ خان کھیل کی خصوصی ہدایت پر SHO قمبر آباد مولا داد کنڈرانی نے پولیس کی بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

جامشورو کے علاقے ماٹھمجھ میں پولیس کی جانب سے کھوسہ قمبلے پر دہشتانہ تشدد اور چاردیواری کی تقدس پامال کرنے کے خلاف قومی سعید خان میں احتجاجی مظاہرہ کیا گیا

گنداخہ (نامہ نگار) جامشورو کے علاقے ماٹھمجھ میں پولیس کی جانب سے کھوسہ قمبلے پر دہشتانہ تشدد اور چاردیواری کی تقدس پامال کرنے کے خلاف قومی سعید خان میں احتجاجی مظاہرہ کیا گیا کھوسہ قمبلے کے شخصیات اور سیاسی و سماجی تنظیموں کی جانب سے اظہار یکجہتی طور گوادر موڑ سے روڈ پر احتجاجی مظاہرہ کیا گیا مقررین کی جانب سے جامشورو پولیس کے خلاف سخت نعرہ بازی کی گئی، کھوسہ قمبلے سے تعلق رکھنے والے محمد ایوب کھوسو، اختر عزیز کھوسو، امیر جان کھوسو، غلام شبیر کھوسو سمیت دیگر کا کہنا تھا کہ جامشورو ایس ایس بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

نوجوان نسل کے اصلاح کے لیے ہر محاذ پر علماء کا سرپرستی ضروری ہے، حافظ محمد یوسف

جمعیت علماء اسلام کے ورکرز شائستگی کے ساتھ اسلامی سیاست کے فروغ کیلئے جہد و جہد جاری رکھیں، بیان

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام پاکستان کے مرکزی شوریٰ کے رکن مولانا حافظ محمد یوسف نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام امت مسلمہ کی حقیقی مذہبی و سیاسی نمائندہ پلیٹ فارم پر ہے کارکن اکابرین جمعیت کی ہدایات پر عمل کرکے شائستگی کے ساتھ پیغام جمعیت کو عام کرنے کی سعی کرے جمعیت علماء اسلام کے ہر سطح کے کارکن شائستگی اور دلیل سے مخالفین کے پروپیگنڈے اور سازشوں کو بے نقاب کرے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جامعہ اسلامیہ علامہ عبدالغنی ٹاؤن چمن میں پیغام جمعیت نیوز کے صدر حافظ محمود اللہ کی قیادت میں عبدالباری شہزاد مولانا عبدالہادی خیر اللہ خیر خواہ اور محب اللہ سے خصوصی گفتگو کرتے بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

حکومت نے کورونا سے پیدا شدہ مشکل صورتحال کے باوجود متوازن بجٹ پیش کیا، پاکستان ٹیکس فورم

معیشت کو مستحکم کرنے کیلئے تمام ٹیکسز ختم کر کے پرچیز ٹیکس سے 13 ہزار ارب کمائے جا سکتے ہیں، انجینئر مین ذوالفقار خان

لاہور (این این آئی) پاکستان ٹیکس فورم کے چیئرمین ذوالفقار خان نے کہا ہے کہ حکومت نے کورونا سے پیدا شدہ مشکل صورتحال کے باوجود متوازن بجٹ پیش کیا اور کئی شعبوں کو سہارا دینے کی کوشش کی ہے، ٹیکس میں ای آڈٹ اور رائٹ ٹو انفارمیشن کو بہتری کی طرف لے جانا مثبت قدم ہے، اخراجات کے مقابلے میں آمدن زیادہ ہو تو ہی عوام کو ریلیف دیا جا سکتا ہے، 47 سالوں میں آمدن اور اخراجات میں توازن نہیں ہو سکا بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

کورونا سے جنوبی ایشیا کے 17 کروڑ چھ لاکھ لوگ غربت کا شکار

رواں ہفتے دنیا میں سب سے زیادہ کیسز رپورٹ کرنے والے ممالک میں بھارت تیسرے، پاکستان ساتویں نمبر پر

واشنگٹن (این این آئی) عالمی بینک نے بتایا ہے کہ کورونا وائرس کے بحران کی وجہ سے 17 کروڑ 06 لاکھ افراد غربت کا شکار ہوئے جن میں سے دو تہائی کا تعلق جنوبی ایشیا سے ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق عالمی بینک نے جاری کردہ اپنی ایک رپورٹ میں کہا کہ رواں ہفتے سرکاری سطح پر دنیا میں سب سے زیادہ کیسز رپورٹ کرنے والے ممالک میں بھارت، پاکستان اور بنگلہ دیش کا نمبر بالترتیب تیسرا، ساتواں اور دسواں رہا۔

بھارتی فوج کے دہشت گردانہ اقدام سے خطے کے امن کو نقصان پہنچے گا، مشتاق منہاس

سول آبادی پر بھارتی فوج کی فائرنگ مجرمانہ فعل ہے، بہادر کشمیری بھارتی فائرنگ سے مرعوب نہیں ہونگے

باغ (این این آئی) آزاد جموں و کشمیر کے وزیر اطلاعات سیاحت، سپورٹس و امور نوجوانان راجہ مشتاق احمد منہاس نے کنٹرول لائن پر بھارتی فوج کی فائرنگ کی شدید مذمت کی ہے۔ اپنے بیان میں وزیر اطلاعات نے کہا کہ بھارتی فوج کنٹرول لائن پر نہتے عوام کو نشانہ بنا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی فوج کے دہشت گردانہ اقدام سے خطے کے امن کو نقصان پہنچے گا، انہوں نے کہا کہ سول آبادی پر بھارتی فوج کی فائرنگ مجرمانہ فعل ہے۔

جزیرہ نما کوریا پر حالات پھر کشیدہ، جنوبی کوریا میں حکام کا ہنگامی اجلاس

ہنگامی اور اہم اجلاس میں متعلقہ وزراء نے جزیرہ نما کوریا پر سلامتی کی صورتحال کا جائزہ لیا، ذرائع

سیول (این این آئی) روایتی حریف ملک شمالی کوریا کی جانب سے دھمکیوں کے تناظر میں اتوار کو جنوبی کوریا میں سلامتی سے متعلق حکام نے ایک ہنگامی اجلاس میں شرکت کی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق جنوبی کوریا کی حکومت کے باخبر ذرائع نے بتایا کہ اس اجلاس میں متعلقہ وزراء نے جزیرہ نما کوریا پر سلامتی کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ یہ پیش رفت شمالی کوریائی رہنما کی بہن کم یو جونگ کے اس حالیہ بیان کے بعد ہوئی جس بقیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر

بھارت سے سرحدی کشیدگی، نیپالی پارلیمنٹ نے نئے نقشے کی منظوری دیدی

نئے نقشے میں وہ علاقے بھی شامل ہیں جو بھارت کے ساتھ متنازع ہیں، دو تہائی اکثریت سے ترمیمی بل منظور

کھٹمنڈو (این این آئی) بھارت سے بڑھتے ہوئے سرحدی تنازع کے باوجود نیپال کی پارلیمنٹ نے نئے نقشے کی منظوری دے دی۔ نیپال کی پارلیمنٹ میں نقشے کے لیے دو تہائی اکثریت سے ترمیمی بل منظور کر لیا، نئے نقشے میں وہ علاقے بھی شامل ہیں جو بھارت کے ساتھ متنازع ہیں۔ دوسری جانب بھارت نے نیپال کے نئے نقشے کو یک طرفہ قرار دیکر مسترد کر دیا ہے۔

چمن، پشتونخوا میپ کے ضلعی سیکرٹریٹ میں جے یو آئی اور پی ایم اے پی کے ضلعی سینئر معاون صحبت خان کے زیر صدارت بارڈر کی بندش کے حوالے مشترکہ اجلاس کر رہے ہیں

آئی ایم ایف کی غلامی نے حکمرانوں کو قوم کا خون چوسنے پر لگا دیا ہے، عبدالغفور حیدری

بجٹ کے نام پر غریبوں اور سفید پوش طبقات کا استحصال کیا گیا ہے، سینیٹر

حلہ گنگ (این این آئی) آئی ایم ایف کی غلامی نے حکمرانوں کو قوم کا خون چوسنے پر لگا دیا ہے۔ بجٹ کے نام پر غریبوں اور سفید پوش طبقات کا استحصال کیا گیا ہے۔ پاکستان کے معاشی اور قومی مسائل کا واحد حل قرآن و سنت کے نظام میں ہے۔ ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اسلام (ف) کے مرکزی سیکرٹری جنرل سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری نے حلہ گنگ میں میڈیا سے بجٹ پر اپنے ردعمل کا بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

آج حکومت پر تنقید کرنے والے اپنی ماضی کے کارکردگی پر نظر دوڑائیں تو بہتر ہوگا، منظور احمد کاکڑ

موجودہ حکومت کو تعلیم صحت سمیت دیگر شعبے تباہی بربادی مشکلات سے دوچار تھے میں ملا ہے اور بلوچستان کے عوام کے سامنے عیاں ہے، بیان

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری سینیٹر منظور احمد کاکڑ نے کہا ہے کہ آج حکومت پر تنقید کرنے والے اپنی ماضی کے کارکردگی پر نظر دوڑائیں تو بہتر ہوگا کیونکہ موجودہ حکومت کو تعلیم صحت سمیت دیگر شعبے تباہی بربادی مشکلات سے دوچار تھے میں ملا ہے اور بلوچستان کے عوام کے سامنے عیاں ہے بلوچستان میں کبھی باہر سے وزیر اعلیٰ نہیں آیا ہے اسی صوبے کا باشندہ ہی صوبے کا وزیر اعلیٰ کے منصب پر فائز رہ چکے ہیں دھونس دھمکیوں، شور و واویلا کر کے اپوزیشن جماعتیں عوام کو مزید گمراہ نہیں کر سکتے ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ صحت اور تعلیم کی بربادی پر بات کرنے والوں پر حیرت اور افسوس ہوتا ہے کیونکہ آج حکومت پر تنقید کرنے والے بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

انسداد خشیات کا عالمی دن 26 جون کو منایا جائے گا، واٹنگ کا آن لائن تقریری مقابلہ کے انعقاد کا اعلان

اوتھل (نمائندہ شال) انسداد خشیات کا عالمی دن 26 جون کو منایا جائے گا، واٹنگ کا آن لائن تقریری مقابلہ کے انعقاد کا اعلان، تفصیلات کے مطابق انسداد خشیات کا عالمی دن 26 جون کو ہر سال منایا جاتا ہے اس حوالے سے مختلف تقریبات کا انعقاد کیا جاتا ہے لس بیلہ میں سماجی تنظیم واٹنگ کے زیر اہتمام بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

جام کمال کے والد کے حوالہ سے بدزبانی سیاست نہیں تنگ نظری ہے، ہمارے سیاسی

خضدار (نامہ نگار) خضدار سیاسی و سماجی کارکن ہماء رئیسانی نے وزیر اعلیٰ بلوچستان کے والد کے حوالہ سے نازیبا زبان استعمال کئے جانے کی شدید مذمت کی ہے اور اسے ناقابل برداشت قرار دیا ہے۔ ہما نے اپنے مذمتی بیان میں کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان ایک زیرک اور شریف النفس انسان ہے، ان کے والد کے حوالہ سے بدزبانی بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

وفاق کے بلوچستان کو ترقیاتی بنانے کے دعوے دھرے کے دھرے رہ گئے، مولانا واسع

صوبے میں لوڈ شیڈنگ، بے روزگاری، مڈی دل کی وجہ سے زمینداروں کو ہونے والے نقصانات کا کسی کو کوئی فکر ہی نہیں ہے

صوبائی حکومت وفاق سے بلوچستان کیلئے فنڈز تو نہ لے سکیں لیکن تمام تر زور بلوچستان کے اپوزیشن حلقوں پر ہے، رکن قومی اسمبلی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر و رکن قومی اسمبلی مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ وفاقی بجٹ میں بلوچستان کو نظر انداز کرنا صوبائی حکومت کی نااہلی ہے، وفاق کے بلوچستان کو ترقیاتی بنانے کے دعوے دھرے کے دھرے رہ گئے صوبائی حکومت وفاق سے بلوچستان کیلئے فنڈز تو نہ لے سکیں لیکن تمام تر زور بلوچستان کے اپوزیشن حلقوں پر ہے اور اپوزیشن کے فنڈز کو غیر منتخب لوگوں کے ذریعے استعمال کیا جا رہا ہے صوبے میں لوڈ شیڈنگ، بے روزگاری، مڈی دل کی وجہ سے زمینداروں کو ہونے والے نقصانات کا کسی کو کوئی فکر ہی نہیں ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز جمعیت کے دفتر سے گفتگو بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

پچھ جوڈیشل مجسٹریٹ مچھ خالد تابک کی موجودگی میں ایس ایچ او پیر کالونی نے فیصلہ شدہ مقدمات کا مال منشیات نذر آتش کر رہے ہیں

کرونا کیوجہ سے معاشی بحران اور وفاقی بجٹ حکومت عوام کیساتھ ظلم کیا، وفاقی بجٹ کو مسترد کرتے ہیں

منچر (نامہ نگار) کرونا کیوجہ سے معاشی بحران اور وفاقی بجٹ حکومت عوام کیساتھ ظلم کیا وفاقی بجٹ کو مسترد کرتے ہیں ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رکن شوریٰ حافظ محمد ابراہیم لہڑی نے گزشتہ دنوں جمعیت علماء اسلام منچر بازار یونٹ کے ترجمان ڈاکٹر محمد یعقوب بلوچ ملاقات بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

سیکرٹریٹ بلکل انجیر بی ایچ او صحت پورا ڈاکٹر برکت علی والیہ نے کہا ہیکہ عوام کو کورونا وائرس سے بچنے کے لیے احتیاطی تدابیر اختیار کرنی چاہیے

تمرین (نامہ نگار) سینئر میڈیکل آفیسر بی ایچ او صحت پورا ڈاکٹر برکت علی والیہ نے کہا ہیکہ عوام کو کورونا وائرس سے بچنے کے لیے احتیاطی تدابیر اختیار کرنی چاہیے گھروں سے نکلتے وقت ماسک ضرور لگائیں بار بار ہاتھوں کو سینیٹائزر کا استعمال کریں رش والی جگہوں میں مت جائیں تا